امر بالمعروف ونہی عن المنکر اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ★ ABC CERTIFIED ★

روزنامہ

اطلاعِ عام

کوئٹہ

چیف ایڈیٹر:۔ محمد عمر

رجسٹریشن نمبر: C-1932

Email: dailyattelaaamqta@gmail.com / Etlaeaam2010@gmail.com | Tel: 081-2840968, 081-2820055 | Fax: 081-2828245

جلد نمبر: 16 | بروز ہفتہ 14 نومبر 2026 / 03 جمادی الاول 1448ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر: 216

دہشتگردی کی بیخ کنی تک کارروائیاں جاری رہیں گی

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی

قومی ایکشن پلان کے تحت وفاقی ایپکس کمیٹی کے منظور کردہ وژن عزمِ استحکام کے مطابق دہشت گردی کے خلاف جاری کارروائیاں ایک مربوط قومی حکمت عملی کا حصہ ہیں

دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور ملک میں پائیدار امن کے قیام تک سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارروائیاں جاری رہیں گی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتن الخوارج اور فتن الہندوستان کے دہشت گرد عناصر کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیوں کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کی بیخ کنی اور ملک میں پائیدار امن کے قیام کے لیے سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کاوشیں قابلِ تحسین ہیں۔ اپنے ایک بیان میں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ انٹیلی جنس معلومات کی بنیاد پر جاری کارروائیوں کے دوران دہشت گردوں کے متعدد ٹھکانوں کو مؤثر انداز میں نشانہ

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 2 پر)

ریکوڈک منصوبے کی کامیابی پاکستان میں معدنی سرمایہ کاری کے لیے مثال قائم کریگی، وزیراعظم

اسلام آباد (اے این این) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ریکوڈک منصوبے کی کامیابی پاکستان

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 2 پر)

بجلی کے فی یونٹ 5 روپے سیلز ٹیکس کا اطلاق مزید 8 اداروں تک بڑھا دیا گیا

ٹیکس دہندگان کی فہرست میں بورڈ یا متعلقہ کمشنران لینڈ ریونیو کی سفارشات پر وقتاً فوقتاً ردوبدل کیا جاسکتا ہے

اسلام آباد (جی این ایم) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نیا سٹیل اور آئرن مینوفیکچررز کے لیے بجلی کے فی یونٹ 5 روپے سیلز ٹیکس کا اطلاق مزید 8 اداروں تک بڑھا دیا ہے اس حوالے سے آئرن اور اسٹیل مصنوعات تیار کرنے والے اداروں، ہشمول میلٹرز، ری رولرز اور کمپوزٹ یونٹس کے زیر استعمال بجلی پر فی یونٹ 5 روپے سیلز ٹیکس

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 2 پر)

میر سرفراز بگٹی سے ورلڈ بینک کی کنٹری ڈائریکٹر کی ملاقات

بلوچستان کی ترقی، معاشی استحکام اور مختلف شعبوں میں ترقیاتی تعاون کے امکانات پر تفصیلی تبادلہ خیال

اسلام آباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ورلڈ بینک کی کنٹری ڈائریکٹر برائے پاکستان بولورما امگابازار (Bolormaa Amgaabazar) نے ملاقات کی، جس میں بلوچستان کی ترقی، معاشی استحکام اور مختلف شعبوں میں ترقیاتی تعاون کے امکانات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں تعلیم، صحت، آبنوشی اور انفراسٹرکچر سمیت اہم شعبوں میں ترقیاتی تعاون کو وسعت دینے اور صوبے میں جاری و مجوزہ ترقیاتی منصوبوں کے لیے شراکت داری کے امکانات کا جائزہ لیا گیا۔ ملاقات میں چیف سیکرٹری بلوچستان

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 2 پر)

خام مال نہیں اب صنعت بیچے گی!

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر

پاکستان کو وعدوں سے عملی اقدامات اور خام معدنیات سے ویلیو ایڈڈ معاشی ترقی کی جانب بڑھنا ہوگا، پاکستان ایسی طویل المدتی عالمی شراکت داریوں کا خواہاں ہے جو پائیدار معاشی قدر کا باعث بنیں

قدرتی وسائل کو عملی نتائج میں بدلنے کے لیے پاکستانی عوام کی محنت اور عزم بنیادی اہمیت رکھتے ہیں، ، چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا منرلز فورم سے خطاب

اسلام آباد (اے این این) چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ معدنی وسائل کو قومی ترقی اور معاشی خوشحالی میں تبدیل کرنا ہوگا۔

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 2 پر)



منرلز فورم 2026 میں آرمی چیف کا خطاب، پاکستان کے معدنی وسائل ملکی تقدیر بدل دیں گے

ریکوڈک سے پاکستان کی قسمت بدلے گی

وزیراعظم



منرلز فورم سے خطاب میں وزیراعظم شہباز شریف کا بڑا اعلان، پاکستان کے معدنی وسائل دنیا کے لیے کھلے ہیں، سرمایہ کاروں کو مکمل تحفظ دیں گے

خام معدنیات برآمد کرنے کا دور ختم، اب ریفائنریز، اسمیلٹرز اور فیکٹریاں پاکستان میں لگیں گی

20 سال سے رکا ہوا منصوبہ اب عملی مرحلے میں داخل، سرمایہ کاروں کو مکمل تحفظ کی یقین دہانی

اسلام آباد (اے این این) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان کی معیشت نئے اعتماد کے ساتھ ترقی اور تبدیلی کے سفر پر گامزن ہے، ان شاء اللہ 2050 سے بھی پہلے پاکستان دنیا کی بڑی معیشتوں میں شامل ہوگا۔ پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 2026 سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ کانفرنس میں شریک عالمی سرمایہ کاروں اور معزز مہمان کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ شہباز شریف نے کہا پاکستان کی معیشت نئے اعتماد کے ساتھ ترقی اور تبدیلی کے سفر پر گامزن ہے، بیرک کمپنی کا پاکستان پر اعتماد برقرار رکھنے پر شکر گزار ہوں۔ وزیراعظم نے کہا کہ گولڈ مین سکس کی پیشگوئی ہے پاکستان 2075 تک دنیا کی چھٹی بڑی معیشت بن سکتا ہے، انشاء اللہ

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 2 پر)

مالی سال 2027 کی پہلی سہ ماہی میں مسلسل مالیاتی سرپلس ریکارڈ

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزارت خزانہ نے کہا ہے کہ پاکستان کی مالیاتی کارکردگی میں بہتری محض عارضی نہیں بلکہ مسلسل مالیاتی نظم و ضبط اور

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 2 پر)

بلوچستان اسمبلی میں سرداری نظام کے خاتمے کے قانون 1976 پر عملدرآمد سے متعلق قرارداد پیش

سرداری نظام انسانی آزادی، عزتِ نفس اور بنیادی حقوق کے منافی ہے، مولانا ہدایت الرحمان کی قرارداد کا متن

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں صوبے سے سرداری نظام کے خاتمے اور اس حوالے سے 1976 میں منظور کیے گئے قانون پر موثر عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے ایک قرارداد پیش کر دی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق رکنِ

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 2 پر)



وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے ورلڈ بینک کی کنٹری ڈائریکٹر کی اہم ملاقات، ترقیاتی منصوبوں پر تبادلہ خیال

خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں فورسز کی کارروائیاں 74 دہشتگرد ہلاک

ضلع کوئٹہ کے علاقے کرم میں 3 نومبر سے جاری خفیہ اطلاعات پر مبنی کارروائیوں کے دوران فتنہ الہندوستان کے 31 دہشتگرد ہلاک کر دیے گئے

سیکورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں میر علی اور اورکزئی میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کیے میر علی میں 35 جبکہ اورکزئی میں 8 خوارج ہلاک کر دیے گئے

کوئٹہ، راولپنڈی (جی این ایم) سیکورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیاں کرتے ہوئے 74 دہشت گرد ہلاک کر دیئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں میر علی اور اورکزئی میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کیے، گزشتہ 48 گھنٹوں کے دوران میر علی میں 35 جبکہ اورکزئی میں 8 خوارج ہلاک کر دیے گئے۔ بتایا گیا ہے کہ شدید فائرنگ کے تبادلے میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج کو بھاری نقصان پہنچایا گیا، آپریشنز کے

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 2 پر)



کوئٹہ، اسمبلی اجلاس میں صوبائی وزیر سردار کوہیار خان ڈومکی سوالات کے جوابات دے رہے ہیں، جبکہ رکن صوبائی اسمبلی حاجی میر زاہد علی ریکی سوالات کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے ورلڈ بینک کی کنٹری ڈائریکٹر کی اہم ملاقات، ترقیاتی منصوبوں پر تبادلہ خیال

عمران خان سے ملاقات کا مطلب حالات میں بہتری ہے، علی محمد خان

جب سے محسن نقوی نے صوبوں کی بات کی ہے وزرا کے چہروں کے رنگ اڑے ہوئے ہیں، گفتگو

اسلام آباد (اے این این) پی ٹی آئی رہنما علی محمد خان نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات کا مطلب حالات میں بہتری ہے۔ ایک انٹرویو میں علی محمد خان نے کہا کہ بیرسٹر گوہر اور محسن نقوی کے رابطے رہے ہیں اور رہنے بھی چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ نظام نے اگر عدالتی احکامات پر عمل کرنا شروع کر دیا ہے تو اس کا مطلب ہے ملک بہتری کی طرف جا رہا ہے۔ علی محمد خان کا مزید کہنا تھا کہ جب سے محسن نقوی نے صوبوں کی بات کی

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 2 پر)

غذر میں مسافر وین دریا میں گرنے سے 11 افراد جاں بحق، متعدد زخمی

دریائے نیلم میں چھلانگ لگا کر خودکشی کرنے والی خاتون کی لاش آزاد کشمیر منتقل

غذر، مظفر آباد (اے این این) غذر میں نوح پل کے قریب مسافر وین دریائے یاسین میں گرنے کے نتیجے میں 11 افراد جاں بحق اور متعدد زخمی ہوگئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق دریائے یاسین سے اب تک 11 افراد کی لاشوں کو نکالا جا چکا ہے، اندھیرے کے باعث ریسکیو آپریشن میں مشکلات کا سامنا ہے۔ ریسکیو ٹیمیں موقع پر موجود ہیں، زخمیوں کو گاہکوچ منتقل کیا جا رہا ہے، مسافر وین گلگت سے ہنزہ جا رہی تھی۔ دوسری جانب وادی

(بقیہ 11 اندرونی صفحہ 2 پر)

اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کا شیڈول معطل

اسلام آباد ہائیکورٹ نے حکم امتناع جاری کر دیا، الیکشن کمیشن و دیگر کو نوٹس جاری

اسلام آباد (اے این این) اسلام آباد ہائیکورٹ نے وفاقی دارالحکومت میں بلدیاتی انتخابات کے شیڈول سے متعلق الیکشن کمیشن کا 21 اکتوبر کا نوٹیفکیشن معطل کر دیا۔ ہائیکورٹ کے جسٹس عمیر مجید ملک نے انتخابات رکوانے کے حکم امتناع جاری کر دیا۔ عدالت نے بلدیاتی انتخابات کا شیڈول معطل کرتے ہوئے 26 نومبر تک الیکشن کمیشن و دیگر فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کر لیا۔ ہائیکورٹ کے جج جسٹس عمیر مجید ملک نے انتخابات رکوانے کے

(بقیہ 12 اندرونی صفحہ 2 پر)

وراثتی حق وقت گزرنے سے ختم نہیں ہوتا، سپریم کورٹ نے اہم قانونی اصول واضح کر دیے

وراثت کی تقسیم میں تاخیر سے بالخصوص بیواں، بیٹیوں، نابالغ بچوں اور یتیموں کو نقصان پہنچتا ہے، تحریری فیصلہ جاری

اسلام آباد (اے این این) سپریم کورٹ نے قرار دیا ہے کہ کسی شخص کے انتقال کے ساتھ ہی اس کی جائیداد اور مال و دولت میں قانونی ورثا کا حصہ بن جاتا ہے اور صرف وقت گزرنے سے ان کا یہ حق ختم نہیں ہوتا۔ عدالت نے واضح کیا ہے کہ وراثت سے محرومی کے دعوے پر مدتِ میعاد کا اطلاق اسی وقت شروع ہوگا جب کسی وارث کے ملکیتی حق سے واضح اور کھلے انداز میں انکار کیا جائے اور اس انکار کا علم بھی متعلقہ وارث کو ہو۔ عدالت کے مطابق

(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 2 پر)

کوئٹہ، اسمبلی اجلاس میں صوبائی وزیر سردار کوہیار خان ڈومکی سوالات کے جوابات دے رہے ہیں، جبکہ رکن صوبائی اسمبلی حاجی میر زاہد علی ریکی سوالات کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے ورلڈ بینک کی کنٹری ڈائریکٹر کی اہم ملاقات، ترقیاتی منصوبوں پر تبادلہ خیال

پاکستان منرلز فورم، غیر ملکی سرمایہ کاروں کا معدنی منصوبوں میں دلچسپی کا اظہار

معدنی شعبے کی ترقی کے لئے روڈ روابط کو فروغ دیا جا رہا ہے، چاغی اور گوادر کے درمیان انفراسٹرکچر کی تعمیر جاری ہے، وزیر پٹرولیم

پاکستان کے معدنی شعبے میں سرمایہ کاری کے بے پناہ مواقع موجود ہیں، حکومت سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولیات فراہم کر رہی ہے، جام کمال

اسلام آباد (اے این این) پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 2026 میں غیر ملکی سرمایہ کاروں نے پاکستان کے معدنی منصوبوں میں بھرپور دلچسپی کا اظہار کیا ہے۔ اسلام آباد عالمی سرمایہ کاروں کی توجہ کا مرکز بن گیا ہے، پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم کے دوسرے روز بھی سرمایہ کاروں نے فورم میں بھرپور شرکت کی، وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر بھی فورم میں شریک ہیں۔ فورم

(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 2 پر)

پاکستان کی خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، معاون برائے داخلہ

کوئٹہ (جی این ایم) معاون برائے داخلہ بلوچستان بابر یوسفزئی نے کہا ہے کہ 3 نومبر سے جاری انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت، مستعدی اور مؤثر حکمت عملی کا واضح مظہر ہیں۔ دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو نشانہ بنانا اور کارروائیوں کے دوران اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکا خیز مواد برآمد کرنا سیکیورٹی فورسز کی بڑی کامیابی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی سلامتی اور شہریوں کے تحفظ کے لیے سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں ناقابلِ فراموش ہیں، دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور پائیدار امن کے قیام تک ریاستی ادارے اپنی ذمہ

(بقیہ 20 ندرونی صفحہ 2 پر)

بلوچستان اسمبلی میں 14 سالہ بندیہ کماری کے مبینہ اغوا پر اقلیتی اراکین کا احتجاج اور نعرے بازی

واقعے کو 27 روز گزرنے کے باوجود محض تسلیاں دی جا رہی ہیں، بچی کو عدالت میں پیش یا والدین کے حوالے کیا جائے، سنجے کمار

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان اسمبلی اجلاس کے دوران رکن اسمبلی اشوک کمار نے 14 سالہ بندیہ کماری کے مبینہ اغوا کے معاملے پر صوبائی وزیر داخلہ میر ضیا اللہ لانگو کے کردار پر عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وزیر داخلہ نے اقلیتی ارکان اسمبلی سے اس معاملے پر بات تک نہیں کی اور انہیں صرف تسلیاں دی گئیں۔ انہوں نے کہا کہ بندیہ کماری کی بازیابی کے حوالے سے اب تک کیے گئے اقدامات سے وہ مطمئن نہیں ہیں۔ اس موقع پر ارکان اسمبلی اشوک کمار اور سنجے کمار نے اسپیکر ڈائس کے سامنے احتجاج کیا، جبکہ سنتوش کمار اور سنجے کمار نے بندیہ کماری کی بازیابی کے حق میں نعرے بازی کی۔ صوبائی وزیر ظہور بلیدی نے واقعے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ بندیہ کماری کے ساتھ پیش آنے والا معاملہ انتہائی گھناؤنا فعل ہے۔ بلوچستان کے عوام اور حکومت اقلیتی برادری کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بندیہ کماری کے ساتھ ہونے والا ظلم بلوچ اور پشتون روایات کے منافی ہے۔ رکن اسمبلی سنجے کمار

(بقیہ 21 ندرونی صفحہ 2 پر)

چترال اور دیر بالا میں بارش و برفباری، کمراٹ روڈ لینڈ سلائیڈنگ سے بند

بارش اور برفباری تھمنے کے بعد سرد اور تیز ہواؤں سے سردی کی شدت میں غیر معمولی اضافہ

پشاور (جی این ایم) لوئر اور اپر چترال میں 24 گھنٹے مسلسل بارش اور بالائی علاقوں میں برفباری کے بعد جمعہ کی صبح موسم میں وقفہ آ گیا، تاہم بارش اور برفباری تھمنے کے بعد سرد اور تیز ہواں سے سردی کی شدت میں غیر معمولی اضافہ ہوگیا۔ اپر چترال کے تورکہو، ترچ، کھوت، اجنو، رچ، بروغل، یارخون اور شندور میں برفباری ہوئی، جبکہ لوئر چترال کے گرم چشمہ، کریم آباد، کالاش ویلیز کے بالائی دیہات، لواری ٹنل، گولین اور مڈک لشٹ نے بھی برف کی سفید چادر اوڑھ لی لواری ٹنل پر برفباری کے باوجود ٹریفک معمول کے مطابق جاری ہے چترال شہر، آیون، بروز اور دروش سمیت نشیبی علاقوں میں موسم جزوی طور پر صاف ہوگیا بارش کے بعد پانی کی قلت کا سامنا کرنے والے علاقوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی، جبکہ چترال شہر، کچ، سنگور، بروز، کیسو، خیر آباد، دروش اور سویر میں گندم کی بوائی بھی شروع کر دی گئی۔ دوسری جانب جلانے کی

(بقیہ 22 ندرونی صفحہ 2 پر)

صدر زرداری اور وزیرِ داخلہ محسن نقوی کی ملاقات سے متعلق قیاس آرائی مناسب نہیں، ناصر شاہ

آصف زرداری اور بلاول بھٹو واضح کر چکے کہ جو عوام کا فیصلہ ہوگا وہی سندھ کی تقدیر ہوگی

کراچی (اے این این) سندھ کے وزیرِ بلدیات ناصر حسین شاہ نے کہا ہے کہ صدر آصف زرداری اور بلاول بھٹو واضح کر چکے کہ جو عوام کا فیصلہ ہوگا وہی سندھ کی تقدیر ہوگی۔ کراچی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ نئے صوبے بنانے پر ریفرنڈم ہو سکتا ہے لیکن اس کے لیے بھی طریقہ کار موجود ہے۔ ناصر حسین شاہ نے کہا ہے کہ صوبے کی تشکیل کے لیے صوبائی اسمبلی سے دو تہائی اکثریت سے بل پاس کروانا آئین میں موجود ہے، جن اسمبلیوں نے صوبے بنانے کی قرارداد پاس کی ہیں وہ سو بسم اللہ کریں، ہمیں کوئی اعتراض نہیں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ صدر زرداری، بلاول بھٹو زرداری اور وزیرِ اعلیٰ سندھ بھی آئین کی بات کرتے ہیں، صوبے سے متعلق سندھ اسمبلی اور عوام واضح فیصلہ دے چکے ہیں جس کا احترام کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ صدر زرداری اور وزیرِ داخلہ محسن نقوی کے تعلقات ذاتی نوعیت کے ہیں، ان دونوں کی ملاقات سے متعلق قیاس آرائی مناسب نہیں۔ ناصر حسین شاہ نے کہا کہ محسن

(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 2 پر)

پائیدار امن کے قیام تک دہشتگردوں کیخلاف کارروائیاں جاری رہیں گی، شاہد رند

دہشت گردی کی بیخ کنی اور ملک میں پائیدار امن کے قیام کے لیے سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتیں، مستعدی اور عزم قابلِ تحسین ہیں

سیکیورٹی فورسز ملک دشمن عناصر کے مذموم عزائم ناکام بنانے اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے پوری قوت کے ساتھ سرگرم عمل ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے معاون برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے ضلع کوئٹہ کے علاقے کرم میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد عناصر کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیوں کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کی بیخ کنی اور ملک میں پائیدار امن کے قیام کے لیے سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتیں، مستعدی اور عزم قابلِ تحسین ہیں

(بقیہ 16 اندرونی صفحہ 2 پر)



اسلام آباد، خاتون اول بی بی آصفہ کی تقریب میں آمد کے موقع پر چیف آف دی نیول اسٹاف کی زوجہ فوزیہ نوید اور سینئر وینہ خالد استقبال کر رہی ہیں

پی ٹی آئی صوبوں کی حمایت کرتی ہے، بانی نے بھی کہا عوام سے پوچھا جائے، مشعال ملک

حکومت ہمارے لئے کچھ نہیں کر رہی، محسن نقوی نے ہم سے رابطے کئے، جو کیا انہوں نے ذاتی حیثیت میں کیا، گفتگو

اسلام آباد (اے این این) پی ٹی آئی رہنما مشعال یوسفزئی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی صوبوں کیخلاف نہیں، حمایت کرتے ہیں، بانی نے بھی کہا عوام سے پوچھا جائے۔ صوبوں کے معاملے پر عوام سے پوچھا جائے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ صوبے وقت کی

(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 2 پر)

اسلام آباد کو ملک کا پہلا مکمل کیش لیس شہر بنانے کا فیصلہ، 31 دسمبر کی ڈیڈ لائن مقرر

شہر کو دنیا کا پہلا کیش لیس دارالحکومت بنانے کا ہدف ہے، طلال چوہدری کی گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کو پاکستان کا پہلا اور دنیا کا مثالی مکمل کیش لیس یعنی نقدی کے بغیر لین دین کرنے والا شہر بنانے کا فیصلہ کر لیا گیا ہے، جس کے تحت تمام تاجروں اور کاروباری مراکز کو ڈیجیٹل نظام میں شامل کرنے

(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 2 پر)

سیاست عوامی حقوق کی پاسداری اور اجتماعی دانش سے ترقی کا نام ہے، جعفر مندوخیل

نفرت اور بدگمانی کی دیواریں گرا کر محبت و اعتماد کے پل تعمیر کرنا ہوں گے مختلف اقوام اور زبانوں کا تنوع ہماری کمزوری نہیں قیمتی اثاثہ ہے

سیاستدان کی عظمت کا معیار عوامی تعلق اور پولیٹیکل ڈائیلاگ میں پوشیدہ ہے، قدرتی وسائل اور محلِ وقوع کے اعتبار سے بلوچستان بے پناہ امکانات کا حامل ہے، گورنر بلوچستان

کوئٹہ (اے این این) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ سیاست دراصل عوامی حقوق و اختیارات کی پاسداری اور اجتماعی دانش کے ذریعے تعمیر و ترقی کے عمل کو آگے بڑھانے کا نام ہے۔ ایک سیاستدان کی عظمت، بردباری اور سیاسی میچورٹی کا اصل معیار عوام کے ساتھ اسکا براہِ راست تعلق، پولیٹیکل ڈائیلاگ اور جمہوری اقدار کے فروغ میں پوشیدہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں مختلف اضلاع سے آئے ہوئے وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ وقت کا تقاضا ہے کہ ہم نفرت، بدگمانی اور غلط فہمیوں کی دیواریں گرا کر محبت، اعتماد اور افہام و تفہیم کے پل تعمیر کریں جس کیلئے معاشرے کے ہر ذی شعور شخص کو اپنا مثبت و تعمیری کردار ادا کرنا ہوگا تاکہ خوف، بداعتمادی اور بیگانگی کی فضا ختم کر کے باہمی روابط میں حائل خلیج کو کم کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کا منفرد سماجی اور سیاسی تشخص مختلف اقوام، زبانوں اور مذاہب کے حسین امتزاج سے عبارت

(بقیہ 24 اندرونی صفحہ 2 پر)



کوئٹہ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے سردار داود کھرل کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

انتخابی اصلاحات کمیٹی، مسلم لیگ ن نے 11 ارکان کے نام تجویز کر دیئے

اسلام آباد (جی این ایم) انتخابی اصلاحات کمیٹی کے قیام کے معاملے پر مسلم لیگ ن نے 11 ارکان کے نام تجویز کر دیئے۔ ذرائع کے مطابق پارلیمانی امور کے وزیر ڈاکٹر طارق فضل چودھری نے نام نائب وزیراعظم کو بھجوا دیئے۔ اعظم نذیر تارڑ، اسحاق ڈار اور ڈاکٹر طارق فضل چودھری بھی کمیٹی کے لیے تجویز کردہ ناموں میں شامل ہیں، نائب وزیراعظم کی منظوری کے بعد انتخابی اصلاحات کمیٹی تشکیل پا جائے گی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف کے چیف وہپ عامر ڈوگر سے پیر کو ملاقات ہوگی، ملاقات میں پی ٹی آئی سے کمیٹی کے لیے نام مانگے

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 2 پر)

ہم کسی قاتل اور ظالم کی حمایت نہیں کرتے، یونس عزیز زہری

مجھے نواب کا داماد کہنے پر فخر ہے، اسامہ جنگ کیس میں خضدار میں میرا بھتیجا شہید ہوا اور جمعیت نے قربانی دی، اپوزیشن لیڈر

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان صوبائی اسمبلی میں قائدِ حزبِ اختلاف میر یونس عزیز زہری نے اسمبلی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ کسی کے وزیر ڈاکٹر طارق فضل چودھری نے نام نائب وزیراعظم کو بھجوا دیئے۔ اعظم نذیر تارڑ، اسحاق ڈار اور ڈاکٹر طارق فضل چودھری بھی کمیٹی کے لیے تجویز کردہ ناموں میں شامل ہیں، نائب وزیراعظم کی منظوری کے بعد انتخابی اصلاحات کمیٹی تشکیل پا جائے گی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف کے چیف وہپ عامر ڈوگر سے پیر کو ملاقات ہوگی، ملاقات میں پی ٹی آئی سے کمیٹی کے لیے نام مانگے

(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 2 پر)

پاکستانی فوجیوں کی قربانیاں برطانوی تاریخ کا اہم حصہ ہیں، میجر جنرل کارل ہیرس

مڈفورسز کو ونٹ پر دستخط کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے میجر جنرل کارل ہیرس کی گفتگو

اسلام آباد (اے این این) برطانوی فوج کے اعلیٰ افسر میجر جنرل کارل ہیرس نے پہلی اور دوسری عالمی جنگ میں برصغیر، بالخصوص موجودہ پاکستان کے علاقوں سے تعلق رکھنے والے مسلمان فوجیوں کی خدمات اور قربانیوں کو زبردست خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ برطانیہ کے دفاع اور آزادی کے تحفظ میں جنوبی ایشیا کے فوجیوں نے تاریخی کردار ادا کیا۔ برطانوی فوج کے میجر جنرل کارل ہیرس نے ان خیالات کا اظہار جنگ بندی کی یاد میں منائے جانے والے دن آرمسٹس ڈے کے موقع پر پاکستانی نژاد برطانوی کاروباری شخصیت اور برطانیہ و یورپ میں حلال گوشت کے بڑے سپلائرز میں شمار ہونے والی کمپنی طارق حلال میٹس کے سربراہ ڈاکٹر طارق شیخ کے ساتھ آرمڈ فورسز کو ونٹ پر دستخط کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا۔ معاہدے پر ڈاکٹر طارق شیخ نے اپنی کمپنی طارق حلال میٹس جبکہ میجر جنرل کارل

(بقیہ 25 اندرونی صفحہ 2 پر)

بلدیاتی اداروں کو بااختیار بنائے بغیر نظام مضبوط اور عوامی مسائل حل نہیں ہو سکتے، جام کمال

نوجوان کسی بھی ملک اور صوبے کا سب سے بڑا سرمایہ ہوتے ہیں، وفاقی وزیر صنعت و تجارت

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر تجارت و صنعت جام کمال خان نے کہا ہے کہ کسی بھی معاشرے میں نظام کو مضبوط، مؤثر اور بہتر بنانے کے لیے بلدیاتی اداروں کو بااختیار بنانا ناگزیر ہے، اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی سے نہ صرف عوامی مسائل ان کی دہلیز پر حل ہوں گے بلکہ اداروں کی کارکردگی اور عوامی اعتماد میں بھی اضافہ ہوگا۔ بلوچستان کے حالات میں بہتری لانے، معاشی استحکام پیدا کرنے اور صوبے کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے نوجوانوں کو روزگار کے بہتر مواقع فراہم کرنا ہوں گے، جبکہ ماحولیاتی تحفظ، آلودگی کے خاتمے اور قدرتی وسائل کے تحفظ کے لیے بھی ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کی ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد میں بلوچستان فورم آف انوائرنمنٹل جرنلسٹس کے صدر ظاہر خان ناصر، چیئرمین ڈاکٹر ثناء اللہ اچکزئی اور سمع اللہ پر مشتمل وفد سے گفتگو کرتے ہوئے

(بقیہ 26 اندرونی صفحہ 2 پر)

بقیہ 1

میں معدنی سرمایہ کاری کے لیے ایک مثال قائم کرے گی، بلوچستان کے عوام نے معدنی معیشت کے ثمرات میں برابر اور انصاف پر مبنی حصہ کا تصور ترجیحات میں شامل ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے چیرک مائننگ کمپنی کے ذریعے معدنی ذخائر کی تلاش کے سربراہی مذاکرات کیے۔ وفد نے کراچی اور کوئٹہ میں منرل پراسیسنگ کے منصوبے کے قیام میں سرمایہ کاری کے لیے گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے جان تھورٹن کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کیون ہیوٹ اور ان کی ٹیم سے ملاقات کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ بلوچستان قدرتی وسائل اور معدنی دولت سے مالا مال ہے اور ان وسائل کو منصفانہ انداز میں بروئے کار لا کر صوبے کی ترقی، عوام کی خوشحالی اور روزگار کے مواقع میں اضافہ کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کو معدنی منصوبوں کے ثمرات میں براہ راست شریک کرنا، نوجوانوں کے لیے روزگار اور ہنرمندی کے مواقع پیدا کرنا اور اردگرد کے آبادیوں کی ترقی یقینی بنانا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ 2

اطلاقات کے متعلق جنرل آڈر ز میں مزید ترمیم کرتے ہوئے 8 نئے اداروں کو فہرست میں شامل کیا ہے ایف بی آر کی جانب سے 12 نومبر 2026 کو جاری کردہ سیکرز ٹیکس جنرل آڈر ز نمبر 34 کے تحت ترمیم شدہ فہرست میں الموبائل سٹریٹر ز لمیٹڈ، تھری اسٹیل انٹرپرز پرائیویٹ لمیٹڈ، شنو شوگر ملز لمیٹڈ، نعمان اسٹیل، گلوبل اسلام آباد سپریم انڈسٹری، فی پاک آر اسٹیل پرائیویٹ لمیٹڈ، فاطمہ اسٹیل مل اور حسنین اینڈ کمپنی شامل ہیں۔ ایف بی آر کے مطابق ان اداروں کی اہلیت کا تعین ایس آر او 1245(1)/2025 مقررکردہ شرائط کے تحت اسٹیل مینوفیکچرنگ کی تیاری کیلئے اسکریپ اور بلٹ کی پیداوار کی صلاحیت، تیار مصنوعات کی فروخت، پیداوار کے ریکارڈ اور متعلقہ فیڈرل انسپکٹر منصوبہ معیار کے مطابق ہے۔ ایف بی آر نے واضح کیا ہے کہ اس جنرل آرڈر کا اطلاق مذکورہ اداروں کے نچلے کے کنٹینر عوری طور پر ہوگا۔

بقیہ 3

بنایا گیا، جبکہ دہشت گرد عناصر کا حملہ کرنے کے لئے ان کے ٹھکانوں سے اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکا خیز مواد بھی برآمد کیا گیا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بھارتی خفیہ ایجنسی را پاکستان میں بدامنی پھیلانے اور قومی ساتھی کو تضاد پیدا کرنے کے لیے دہشت گردی کے منصوبوں کی سرپرستی کر رہی ہے۔ پاکستان کے سکیورٹی فورسز اور عوام نے مل کر ان دہشت گردوں کی سازشوں کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ پاکستان کے سکیورٹی فورسز اور عوام نے مل کر ان دہشت گردوں کی سازشوں کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ پاکستان کے سکیورٹی فورسز اور عوام نے مل کر ان دہشت گردوں کی سازشوں کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بھارتی خفیہ ایجنسی را پاکستان میں بدامنی پھیلانے اور قومی ساتھی کو تضاد پیدا کرنے کے لیے دہشت گردی کے منصوبوں کی سرپرستی کر رہی ہ

امر بالمعروف ونہی عن المنکر
اخبار کی طرف سے اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
روزنامہ
اطلاع عام
کوئٹہ
چیف ایڈیٹر:۔ محمد عمر

خضدار میں قبائلی اراضیات پر مبینہ سرکاری قبضے کے خلاف راجی جرگہ

خضدار (یو این اے) ارباب باس خضدار میں گزشتہ روز ایک قبائلی راجی جرگہ زیر صدارت ارباب جمالدینی ارباب محمد نواز گرگنری میتلنگ منعقد ہوا۔ جس میں خضدار کے تمام قبائلی معتبرین رئیس ملکی سمیت زمینداروں نے کثیر تعداد میں شرکت کیے۔ جرگہ میں خضدار کے علاقائی مسائل و زمینی تنازعات پر سیر حاصل بحث کی گئی۔ جرگہ سے خضدار کے قبائلی معتبرین و زمیندار رہنماوں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ خضدار کے قبائلی اراضیات پر سرکاری قبضہ غیر قانونی ہے جسے خضدار کے قبائل مسترد کرتے ہیں۔ معتبرین کا کہنا تھا کہ جن اراضیات کو سرکاری

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 5)

نیشنل ٹرانسمیشن اینڈ ڈسپیچ کمپنی کا نام فوری طور پر بحال کیا جائے علی نواز

کوئٹہ (اے این این) اتحاد اہلسنت پاکستان کے مرکزی جنرل سیکرٹری علامہ علی نواز القادری مظہر العالی نے این ڈی ڈی سی کا نام بار بار تبدیل کرنے اور کمپنی کے ہزاروں افسران و ملازمین کے حقوق کا استحصال کرنے کی شدید الفاظ میں مزمت کرتے ہوئے کہا کہ نیشنل ٹرانسمیشن اینڈ ڈسپیچ کمپنی کا نام فوری طور پر بحال کیا جائے این ڈی سی کا نام تبدیل کرکے این جی سی این ڈی سی اور پھر این جی رکھنے سے ملازمین کے حقوق پامال کیے جارہے ہیں پی ٹی سی ایل کوٹہ، ٹیکسٹائل ملز، ریلوے، واپڈا، پی آئی اے، پاکستان اسٹیل ملز سمیت تمام اداروں کے نام تبدیل کرنے کے باوجود ملازمین کے حقوق کا تحفظ کیا گیا ہے لیکن این ڈی سی کا نام تبدیل کرنے کے بعد کمپنی کا نام تبدیل کرنے کی وجہ سے ملازمین کے حقوق کا تحفظ نہیں کیا گیا ہے ملازمین کے حقوق کا تحفظ کرنے کے لیے کمپنی کا نام تبدیل کرنے کی ضرورت ہے۔ علامہ علی نواز القادری نے کہا کہ این ڈی سی کا نام تبدیل کرنے کے لیے ہم ہر فورم پر آواز اٹھائیں گے۔

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 5)

راولپنڈی میں نورانشٹین کے قریب ٹرین پٹری سے اترگئی، کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

راولپنڈی (اے این این) راولپنڈی میں نور انشین کے قریب ٹرین پٹری سے اتر گئی۔ ریلوے حکام کے مطابق راولپنڈی آنے والی پسنجر ٹرین نورانشین کے قریب پہنچی تو ٹرین کی ایک بوگی پٹری سے اتر گئی ٹرین پشاور سے کوئٹہ جا رہی تھی تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، ریلوے حکام کے مطابق ٹرین کا آخری پار ریل گاڑی کا حصہ ڈی ریل ہوا، متاثرہ ٹریک جلد بحال کردیا جائے گا، کنٹرول روم سے بھی واقعہ کا جائزہ لیا جارہا ہے۔ راولپنڈی میں نور انشین کے قریب ٹرین پٹری سے اتر گئی۔ ریلوے حکام کے مطابق راولپنڈی آنے

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 5)

طارق فضل چوہدری کا کامیاب انٹیلی جنس ہیڈ آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے نرم میں کامیاب انٹیلی جنس ہیڈ آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے 31 دہشت گرد جہنم واصل کرنا بڑی کامیابی ہے۔ جمعہ کو ایکس پر اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کے ٹھکانوں کی تباہی سیکیورٹی فورسز کی بڑی کامیابی ہے۔ غیر ملکی سرپرستی میں ہونے والی

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 5)





کوئٹہ میں گیس کے بھاری بلوں نے شہریوں کی مشکلات بڑھا دیں

30 پوئنٹس استعمال پر بل 20 ہزار روپے سے تجاوز کر گیا، بلوں کا شفاف آڈٹ کیا جائے اور صارفین کو غیر ضروری مالی بوجھ سے نجات دلا کر انصاف فراہم کیا جائے

عوامی حلقوں نے حکومت بلوچستان، وفاقی حکومت، سوئی سدرن گیس کمپنی اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ گیس کے بلوں میں اضافی چارجز اور میٹرز کا فوری نوٹس لیا جائے، شہری

کوئٹہ (اے این این) کوئٹہ شہر میں گیس کے بلوں میں فکس اضافی چارجز اور میٹرز کی ریڈنگ کے نفاذ نے عام گھریلو صارفین کو شدید مالی مشکلات کا شکار بنا دیا ہے۔ کوئٹہ شہر میں سردیوں کے موسم شروع ہوتے ہی گیس کی پریشر میں کمی کے باعث عوام بھاری بھرکم بل ارسال کیے جا رہے ہیں، جس کے باعث گھریلو صارفین شدید مالی مشکلات کا شکار ہیں کوئٹہ شہر میں سردیوں کے موسم شروع ہوتے ہی گیس کی پریشر میں کمی کے باعث عوام کو شدید سردی میں مشکلات کا سامنا ہے عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ صرف 30 پوئنٹس گیس استعمال کرنے والے صارفین کے بل بھی 20 ہزار روپے سے تجاوز کر گئے ہیں، جو پہلے ہی مہنگائی، بے روزگاری اور دیگر معاشی مشکلات سے دوچار عوام کے لیے ناقابل برداشت بوجھ بن چکا ہے۔ شہریوں نے شکایت کی ہے کہ گیس کے اصل استعمال کے علاوہ مختلف فکس چارجز اور میٹرز کا درست آڈٹ کیا جائے اور صارفین کو غیر ضروری مالی بوجھ سے نجات دلا کر انصاف فراہم کیا جائے

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 5)

ژوب، ضلع شیرانی میں بلوچستان یوتھ گالا اسپورٹس فیسٹیول اختتام پذیر

یوتھ گالا کا مقصد چھپے ہوئے ٹیلنٹ کو قومی دھارے میں لانا ہے، کمشنر آصف علی فرخ

ژوب (یو این این) محکمہ ثقافت، کھیل و سیاحت ضلع شیرانی کی جانب سے بلوچستان یوتھ گالا اسپورٹس فیسٹیول اختتام پذیر ہوگیا فیسٹیول میں مینز، ٹینس، والی بال، شوٹنگ بال، بیسبال ٹینس، کراٹے، رسہ کشی اور دیگر کھیل شامل تھے، پہلی پوزیشن حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے گئے، فائنل کے مطابق مقابلوں میں حصہ لینے والے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لیے کیش پرائز، ٹرافیاں اور دیگر انعامات دیے گئے، کمشنر ژوب و ڈویژن اصف علی فرخ اختتامی تقریب کے مہمان خصوصی تھے، اسسٹنٹ کمشنر شیرانی فہیم زادہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر شیرانی عبدالرشید نائی سوشل

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 5)



کوئٹہ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے ولی خان ناصر اور طارق خان مندوخیل ملاقات کر رہے ہیں

صحبت پور: گورنمنٹ بوائز انٹر کالج میں یوم اقبال کی پروقار تقریب

طلباء کو چاہیے کہ وہ علامہ اقبال کے افکار و تعلیمات اور فلسفۂ خودی کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنائیں، فرید ترین

صحبت پور (ر ض) یوم اقبال کے موقع پر گورنمنٹ بوائز انٹر کالج صحبت پور میں شاعر مشرق مفکر پاکستان علامہ محمد اقبال کی قومی علمی اور ادبی اور فکری خدمات کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے ایک پروقار اور بامقصد تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں ڈپٹی کمشنر صحبت پور فرید ترین نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی تقریب میں کالج کے پرنسپل پروفیسر ظہور شبیر خٹک، ڈپٹی کمشنر طلباء اور دیگر متعلقہ شخصیات نے بھی شرکت کی تقریب کے دوران طلباء نے شاعر مشرق ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کی حیات و خدمات

(بقیہ 28 ویں صفحہ پر)

نصیر آباد ڈویژن میں بجلی کا شدید بحران، زندگی مفلوج

ڈیزل مہنگا ہونے سے دو تحصیلوں نصیر آباد اور استمبر میں پینے کے پانی، زراعت اور کاروباری سرگرمیوں سمیت تعلیم متاثر

چھتر (یو این اے) نصیر آباد ڈویژن میں بجلی کا بحران جاری، دیہی علاقوں میں 24 گھنٹوں کے دوران چند گھنٹے بجلی کی فراہمی، عوام شدید مشکلات سے دوچار تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے نصیر آباد ڈویژن کے اضلاع بجلی کی بدترین اور طویل لوڈشیڈنگ کے باعث شدید مشکلات کا شکار ہیں، جہاں دیہی علاقوں میں 24 گھنٹوں کے دوران محض چند گھنٹے بجلی کی فراہمی اور باقی وقت بجلی کی بندش معمول بن چکی ہے دن اور رات کے بیشتر اوقات بجلی غائب رہنے سے معمولات زندگی بری طرح متاثر ہو رہے ہیں، جبکہ گھریلو صارفین، زمینداروں، تاجروں، طلبہ اور دکاندار شدید پریشانی کا سامنا ہے تفصیلات کے مطابق ضلع کچھی کی فراہمی، عوام شدید مشکلات سے دوچار تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے ضلع کچھی کی فراہمی، عوام بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ کے باعث شدید مشکلات کا شکار ہیں، جہاں دیہی علاقوں میں 24 گھنٹوں کے دوران محض چند گھنٹے بجلی کی فراہمی اور باقی وقت بجلی کی بندش معمول بن چکی ہے دن اور رات کے بیشتر اوقات بجلی غائب رہنے سے معمولات زندگی بری طرح متاثر ہو



گوادر میونسپل کمیٹی کے ترقیاتی کاموں کے افتتاح اور قرعات گوادر کے اقدامات سے متعلق شاہراہ پر ریلی کا منظر گھریلو ایکسچینج

ضلعی الیکشن کمشنر مستونگ کے نئے تعمیر شدہ دفتر کا افتتاح کر دیا گیا

منصوبے کی تکمیل میں ان کے تعاون کو قابل تحسین ہے، ممبر الیکشن کمیشن شاہد محمد جتوئی کی گفتگو

کوئٹہ (اے این این) ممبر الیکشن کمیشن آف پاکستان، بلوچستان شاہد محمد جتوئی نے ضلعی الیکشن کمشنر مستونگ کے نئے تعمیر شدہ دفتر کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان جناب علی اصغر سائل، جوائنٹ صوبائی الیکشن کمشنر (ایڈمن) عبدالغنی رئیسانی، ریجنل الیکشن کمشنر ضلعی الیکشن کمشنر کوئٹہ سید عزیز احمد، ڈپٹی ڈائریکٹر (ایڈمن) عبدالودود خان، ضلعی الیکشن کمشنر مستونگ سید احسان اللہ شاہ، ایکسین محکمہ مواصلات وتعمیرات محمد صبحی کنکیڑا، قانونگو فاروق شاہ اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔ اس موقع پر ضلعی الیکشن کمشنر مستونگ نے ممبر الیکشن کمیشن کے نئے تعمیر شدہ دفتر، اس میں فراہم کردہ سہولیات اور انتظامی امور کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ

(بقیہ 24 ویں صفحہ 5)

ژوب، ضلع شیرانی میں بلوچستان یوتھ گالا اسپورٹس فیسٹیول اختتام پذیر

یوتھ گالا کا مقصد چھپے ہوئے ٹیلنٹ کو قومی دھارے میں لانا ہے، کمشنر آصف علی فرخ

ژوب (یو این این) محکمہ ثقافت، کھیل و سیاحت ضلع شیرانی کی جانب سے بلوچستان یوتھ گالا اسپورٹس فیسٹیول اختتام پذیر ہوگیا فیسٹیول میں مینز، ٹینس، والی بال، شوٹنگ بال، بیسبال ٹینس، کراٹے، رسہ کشی اور دیگر کھیل شامل تھے، پہلی پوزیشن حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے گئے، فائنل کے مطابق مقابلوں میں حصہ لینے والے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لیے کیش پرائز، ٹرافیاں اور دیگر انعامات دیے گئے، کمشنر ژوب و ڈویژن اصف علی فرخ اختتامی تقریب کے مہمان خصوصی تھے، اسسٹنٹ کمشنر شیرانی فہیم زادہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر شیرانی عبدالرشید نائی سوشل

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 5)

کوئٹہ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے ولی خان ناصر اور طارق خان مندوخیل ملاقات کر رہے ہیں

صحبت پور: گورنمنٹ بوائز انٹر کالج میں یوم اقبال کی پروقار تقریب

طلباء کو چاہیے کہ وہ علامہ اقبال کے افکار و تعلیمات اور فلسفۂ خودی کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنائیں، فرید ترین

صحبت پور (ر ض) یوم اقبال کے موقع پر گورنمنٹ بوائز انٹر کالج صحبت پور میں شاعر مشرق مفکر پاکستان علامہ محمد اقبال کی قومی علمی اور ادبی اور فکری خدمات کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے ایک پروقار اور بامقصد تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں ڈپٹی کمشنر صحبت پور فرید ترین نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی تقریب میں کالج کے پرنسپل پروفیسر ظہور شبیر خٹک، ڈپٹی کمشنر طلباء اور دیگر متعلقہ شخصیات نے بھی شرکت کی تقریب کے دوران طلباء نے شاعر مشرق ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کی حیات و خدمات

(بقیہ 28 ویں صفحہ پر)

نصیر آباد ڈویژن میں بجلی کا شدید بحران، زندگی مفلوج

ڈیزل مہنگا ہونے سے دو تحصیلوں نصیر آباد اور استمبر میں پینے کے پانی، زراعت اور کاروباری سرگرمیوں سمیت تعلیم متاثر

چھتر (یو این اے) نصیر آباد ڈویژن میں بجلی کا بحران جاری، دیہی علاقوں میں 24 گھنٹوں کے دوران چند گھنٹے بجلی کی فراہمی، عوام شدید مشکلات سے دوچار تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے نصیر آباد ڈویژن کے اضلاع بجلی کی بدترین اور طویل لوڈشیڈنگ کے باعث شدید مشکلات کا شکار ہیں، جہاں دیہی علاقوں میں 24 گھنٹوں کے دوران محض چند گھنٹے بجلی کی فراہمی اور باقی وقت بجلی کی بندش معمول بن چکی ہے دن اور رات کے بیشتر اوقات بجلی غائب رہنے سے معمولات زندگی بری طرح متاثر ہو رہے ہیں، جبکہ گھریلو صارفین، زمینداروں، تاجروں، طلبہ اور دکاندار شدید پریشانی کا سامنا ہے تفصیلات کے مطابق ضلع کچھی کی فراہمی، عوام شدید مشکلات سے دوچار تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے ضلع کچھی کی فراہمی، عوام بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ کے باعث شدید مشکلات کا شکار ہیں، جہاں دیہی علاقوں میں 24 گھنٹوں کے دوران محض چند گھنٹے بجلی کی فراہمی اور باقی وقت بجلی کی بندش معمول بن چکی ہے دن اور رات کے بیشتر اوقات بجلی غائب رہنے سے معمولات زندگی بری طرح متاثر ہو

گوادر میونسپل کمیٹی کے ترقیاتی کاموں کے افتتاح اور قرعات گوادر کے اقدامات سے متعلق شاہراہ پر ریلی کا منظر گھریلو ایکسچینج

ضلعی الیکشن کمشنر مستونگ کے نئے تعمیر شدہ دفتر کا افتتاح کر دیا گیا

منصوبے کی تکمیل میں ان کے تعاون کو قابل تحسین ہے، ممبر الیکشن کمیشن شاہد محمد جتوئی کی گفتگو

کوئٹہ (اے این این) ممبر الیکشن کمیشن آف پاکستان، بلوچستان شاہد محمد جتوئی نے ضلعی الیکشن کمشنر مستونگ کے نئے تعمیر شدہ دفتر کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان جناب علی اصغر سائل، جوائنٹ صوبائی الیکشن کمشنر (ایڈمن) عبدالغنی رئیسانی، ریجنل الیکشن کمشنر ضلعی الیکشن کمشنر کوئٹہ سید عزیز احمد، ڈپٹی ڈائریکٹر (ایڈمن) عبدالودود خان، ضلعی الیکشن کمشنر مستونگ سید احسان اللہ شاہ، ایکسین محکمہ مواصلات وتعمیرات محمد صبحی کنکیڑا، قانونگو فاروق شاہ اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔ اس موقع پر ضلعی الیکشن کمشنر مستونگ نے ممبر الیکشن کمیشن کے نئے تعمیر شدہ دفتر، اس میں فراہم کردہ سہولیات اور انتظامی امور کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ

(بقیہ 24 ویں صفحہ 5)

خضدار، ارباب کمپلیکس میں کھڑی زمیداد گاڑی میں اچانک آگ بھڑک اٹھی

خضدار (یو این اے) ارباب کمپلیکس میں زمیداد گاڑی میں آگ لگ گئی۔ ڈرائیور کی حاضر وقت سے بڑا نقصان ٹل گیا۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان شدہ خضدار کے بڑے ٹریفک کمپلیکس میں ایک زمیداد گاڑی میں اچانک آگ بھڑک اٹھی۔ ڈرائیور نے انتہائی مہارت اور حاضر دماغی کا مظاہرہ کرتے ہوئے گاڑی کو آبادی سے دور ویران ایک سروس اسٹیشن کے قریب پہنچا دیا، جس سے مزید کسی بڑے جانی و مالی نقصان ہونے سے بچ گیا۔ ڈرائیور کی بروقت بیداری اور سمجھداری کو لوگوں نے سراہا۔ ارباب کمپلیکس میں زمیداد گاڑی میں آگ لگ گئی۔ ڈرائیور کی حاضر دماغی سے بڑا نقصان ٹل گیا۔ تفصیلات کے

(بقیہ 8 ویں صفحہ 5)

پاکستانی نژاد کینیڈین امام ابراہیم حسین وفاقی شرعی عدالت کے مشاورتی پینل میں شامل

اسلام آباد (اے این این) وفاقی شرعی عدالت نے پاکستانی نژاد کینیڈین امام ابراہیم حسین کو اپنے مشاورتی پینل میں شامل کر لیا۔ ان کی تقرری چیف جسٹس وفاقی شرعی عدالت کی منظوری سے آئین کے آرٹیکل 203 ڈی (5) کے تحت کی گئی ہے جس کا قاعدہ 8 ٹیکنیکل اور جج کے قانون، خاندانی تنازعات کے حل اور کچ صفائی کے ذریعے اختلافات ختم کرنے میں خصوصی مہارت رکھتے ہیں۔ ان کی علمی خدمات اور جج کے کو مدنظر رکھتے ہوئے انہیں یہ ذمے داری سونپی گئی ہے۔ ابراہیم حسین کینیڈا میں ائمہ ادارے صلح سولیشن کے بانی بھی ہیں۔ وفاقی شرعی عدالت

(بقیہ 20 ویں صفحہ 5)

ابتدائی بچپن کی معیاری تعلیم روشن مستقبل کی بنیاد ہے، احسن اقبال

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ ابتدائی بچپن کی معیاری و جدید تعلیم بچوں کی ذہنی و تخلیقی صلاحیتوں کو پروان چڑھانے میں بنیادی کردار ادا کرتی ہے، آج کے جدید کلی پاکستان کے روشن مستقبل کے معمار بنیں گے۔ جمعہ کو ایس ایم سی کی گولڑہ کیمپس کے دورے کے موقع پر بچوں سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ ہمیں بچوں کی ذہانت، تجسس، صاف دل اور پرجوش خواب دیکھنے کی صلاحیت پاکستان کے روشن مستقبل کی امید دلاتی ہے۔ انہوں نے بچوں کے ساتھ رنگوں، مختلف اشکال اور نوٹی بیئرز کے

(بقیہ 21 ویں صفحہ 5)

جمعیت بلوچستان کی صوبائی تنظیم عاملہ اور پارلیمانی ارکان کا مشترکہ اجلاس 16 نومبر کو طلب

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر میئر مولانا عبدالواسع نے صوبائی تنظیم عاملہ اور پارلیمانی ارکان کا مشترکہ اجلاس پیر 16 نومبر 2026ء کو طلب کر لیا ہے۔ اجلاس صبح 10 بجے جناح روڈ، صوبائی سیکرٹریٹ، ہر دری روڈ کوئٹہ میں منعقد ہوگا، جس میں صوبائی تنظیمی عاملہ کے اراکین اور پارلیمانی ارکان شرکت کریں گے۔ اس حوالے سے جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی سیکرٹری جنرل آغا محمود شاہ نے تمام متعلقہ اراکین کو اجلاس میں بروقت شرکت کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ تمام اراکین اپنی شرکت یقینی بنائیں۔ اجلاس میں جماعتی امور اور دیگر اہم معاملات پر غور وخوض کیا

(بقیہ 20 ویں صفحہ پر)

ڈنمارک کا غزہ اور متبوضہ فلسطینی علاقوں کیلئے 8.9 ملین ڈالر امداد کا اعلان

کوپن ہیگن (اے این این) ڈنمارک نے غزہ اور مقبوضہ فلسطینی علاقوں کے لیے 8.9 ملین ڈالر امداد کا اعلان کر دیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق ڈنمارک کی وزارت خارجہ کا کہنا ہے کہ غزہ میں سیلاب سے متاثرہ فلسطینیوں کی مدد کے لیے نوروز 3 ملین ڈالر امداد فراہم کی جا چکی ہے، مقبوضہ فلسطینی علاقوں کے لیے یورپین انسانی امداد فنڈ برائے انتخ ایے کے لیے 5.9 ملین ڈالر امداد دینے کا اعلان کر دیا۔ ڈنمارک کی وزارت خارجہ کا کہنا تھا کہ شدید موسم سرما فلسطینی عوام کو مزید نقصان کر رہا ہے، موسم سرما میں متاثر فلسطینیوں تک ضروری انسانی امداد پہنچانا انتہائی ضروری ہوگا۔ ڈنمارک نے غزہ اور مقبوضہ فلسطینی علاقوں کے لیے 8.9 ملین ڈالر امداد کا اعلان کر دیا۔

(بقیہ 25 ویں صفحہ 5)

ایس پی حافظ معاذ الرحمٰن کے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف سخت کریک ڈاؤن

عوامی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر سنیں اور ان کے فوری ازالے کو یقینی بنائیں، حافظ الرحمٰن

خضدار لیٹے کے لیے وہ معمول کے مطابق تھانہ پولیس تھانوں اور پولیس چوکیوں کے سرپرائز وزٹس کرتے رہتے ہیں، جہاں پولیس کی ڈیوٹی، انتظامات اور عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا جاتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ امن و امان کی صورتحال کو صرف دفتری رپورٹس تک محدود نہیں رکھا جائے گا بلکہ وہ خود فیلڈ میں جا کر حالات کا جائزہ لیتے رہیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ ضلع اور تحصیل کے تمام چھ پولیس تھانوں، جن میں پولیس تھانہ آمدہ تھانہ، تھانہ زہ گرگ، تھانہ

(بقیہ 6 ویں صفحہ 5)

مل گواران میں دو گروپوں کے درمیان تصادم میں دو افراد جاں بحق، لواحقین کا احتجاج

کامیاب مذاکرات اور انصاف کی یقین دہانی پر مظاہرین بالآخر پرامن طور پر منتشر

سیوی (یو این اے) مل گواران میں صبح سویرے دو گروپوں کے درمیان تصادم کے نتیجے میں دو افراد جاں بحق ہوگئے، واقعے کے بعد علاقے میں کشیدگی پھیل گئی۔ جاں بحق افراد کے لواحقین نے ایس ڈی پی او شکترزئی کے سامنے رکھ کر احتجاجی دھرنا دیا اور واقعے میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائی اور انصاف کی فراہمی کا مطالبہ کیا۔احتجاجی دھرنے کی اطلاع ملتے ہی پولیس افسران موقع پہنچ گئے اس موقع پر ایس ڈی پی او شکترزئی سرکل میر محمد عارف مری نے مظاہرین اور لواحقین سے مذاکرات کیے اور انہیں یقین دہانی کرائی کہ واقعے کے قانون کے مطابق ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا اور انصاف کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے کامیاب مذاکرات اور پولیس کی جانب سے مکمل تعاون کی یقین دہانی کے بعد لواحقین نے اپنا احتجاجی دھرنا ختم کر دیا اور میتیں وہاں سے اٹھالیں دوران مذاکرات ڈی پی او خیل اہل چاٹیکہ محمد اکبر بذدار سمیت دیگر پولیس افسران بھی موجود تھے پولیس

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 3)



دی، ایس ایس پی ڈی پی ونس رضا شیر خیل ٹریفک کے مسائل پر اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چھتر، مہنگائی بے قابو، پرائس کنٹرول کمیٹی کی عدم توجہی پر شہریوں کا شدید احتجاج

بازار زاسیت مختلف بازاروں میں مرغی کا گوشت، مچھلی اور اشیائے ضروریہ سے نرخوں پر فروخت ہونے لگیں، ڈپٹی کمشنر

تشکیل میر حسن خان کھوسہ کے مختلف بازاروں، پالخصوص مال بازار میں مرغی کا گوشت، مچھلی اور دیگر اشیائے ضروریہ جنگے داموں فروخت کی جارہی ہیں شہریوں کے مطابق بازاروں میں قیمتوں کی نگرانی اور سرکاری نرخ نامے پر عمل درآمد کا کوئی انتظام نظر نہیں آتا، جس کے باعث دکاندار اپنی مرضی کے نرخ مقرر کر کے اشیائے خورد ونوش فروخت کر رہے ہیں اس صورتحال سے غریب اور متوسط طبقے کے افراد کو شدید پریشانی سے دوچار کر دیا ہے عوامی مطالبہ کیا ہے

(بقیہ 6 ویں صفحہ 5)

چھتر (یو این اے) تشکیل میر حسن خان کھوسہ کے مختلف بازاروں، بالخصوص مال بازار میں مرغی کا گوشت، مچھلی اور دیگر اشیائے ضروریہ جنگے داموں فروخت کی جارہی ہیں شہریوں کے مطابق بازاروں میں قیمتوں کی نگرانی اور سرکاری نرخ نامے پر عمل درآمد کا کوئی انتظام نظر نہیں آتا، جس کے باعث دکاندار اپنی مرضی کے نرخ مقرر کر کے اشیائے خورد ونوش فروخت کر رہے ہیں اس صورتحال سے غریب اور متوسط طبقے کے افراد کو شدید پریشانی سے دوچار کر دیا ہے عوامی مطالبہ کیا ہے کہ ضلعی انتظامیہ بازاروں میں مؤثر چیکنگ کرے اور گرانفروشوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے

(بقیہ 6 ویں صفحہ 5)

اوتھل، گورنمنٹ بوائز ہائیر سیکنڈری اسکول میں اردو کہانی خوانی اور فہم مطالعہ کی تخلیقی تعلیمی سرگرمی کا انعقاد

تخلیقی سرگرمیوں کا مقصد طلبہ میں درست تلفظ، مطالعے کا شوق اور اظہار کی پرورش پر توجہ دلانا ہے، ہیڈ ماسٹر

اوتھل (یو این اے) گورنمنٹ بوائز ہائی ہائیر سیکنڈری اسکول اوتھل ضلع لسبیلہ میں طلبہ کی تعلیمی، لسانی اور تخلیقی صلاحیتوں کو فروغ دینے کے لیے تخلیقی تعلیمی سرگرمیوں کے سلسلے میں اردو کہانی خوانی اور فہم مطالعہ کے موضوع پر ایک دلچسپ اور مفید سرگرمی کا انعقاد کیا گیا۔ اس سرگرمی کا بنیادی مقصد طلبہ میں اردو زبان سے محبت، مطالعے کا شوق، درست تلفظ کے ساتھ پڑھنے اور کہانیوں کے مفہوم کو سمجھنے کی صلاحیت پیدا کرنا تھا۔ اس موقع پر طلبہ نے مختلف اردو کہانیوں کا مطالعہ کیا اور باری باری بلند آواز سے کہانیاں پڑھیں۔ اس دوران انہیں الفاظ کی درست ادائیگی، جملوں کی روانی اور مناسب وقفوں کے ساتھ پڑھنے کی عملی مشق بھی کروائی گئی۔ سرگرمی کے دوران اساتذہ نے طلبہ کی رہنمائی کرتے ہوئے کہانیوں کے مرکزی خیال، کرداروں اور اہم واقعات پر روشنی ڈالی۔ طلبہ نے کہانیوں کے متعلق مختلف سوالات پوچھے تاکہ ان کی فہم و فراست، یادداشت اور سوچنے سمجھنے کی صلاحیتوں کو بہتر بنایا جاسکے۔ طلبہ نے اپنے الفاظ میں کہانیوں کا خلاصہ بیان کیا اور ان

(بقیہ 9 ویں صفحہ 5)

ضلع جعفرآباد کے صدر مقام ڈیرہ اللہ یار میں پیٹرول کم دینے کی شکایات

مبینہ طور پر 500 روپے کے بدلے صرف 400 روپے کا پیٹرول دیا جا رہا ہے، عوامی حلقے

فریدآباد (اے این این) ضلع جعفرآباد کے صدر مقام ڈیرہ اللہ یار میں پیٹرول کم دینے کی شکایات، وزیر اعظم ریلیف پیکج میں مبینہ کرپشن کا الزام ضلعی انتظامیہ سے نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق ضلعی انتظامیہ نے پیٹرول پمپس پر چھاپے مار کر مبینہ طور پر 500 روپے کے بدلے صرف 400 روپے کا پیٹرول دینے والے 4 پمپس کے سیل کرنے کا حکم جاری کیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ مہنگائی کے اس دور میں عام آدمی کے لئے گزارا پہلے ہی مشکل ہے، ایسے میں پیٹرول کم دینے کا مکروہ دھندہ انتہائی افسوسناک ہے۔ شہریوں نے ایسے میں مطالبہ کیا ہے کہ ضلعی انتظامیہ سمیت متعلقہ محکمے اس معاملے کا نوٹس لیں اور ملوث عناصر کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔ ڈپٹی کمشنر جعفرآباد سے اس حوالے سے رابطہ کیا جائے گا۔

(بقیہ 26 ویں صفحہ 5)

ایس پی حافظ معاذ الرحمٰن اور پولیس کارروائی کا گاؤں والوں کا خیر مقدم

عوام کے تعاون سے ہی امن قائم ہوگا، ایس پی حافظ معاذ الرحمٰن

اسلام آباد (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے میرعلی اور شمالی وزیرستان کے علاقوں میں سیکیورٹی فورسز کے کامیاب آپریشنز پر خراج تحسین پیش کیا ہے۔ میڈیا سیل بلاول ہاؤس سے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ بھارتی پراکسی دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیاں دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی کامیابیاں قومی عزم اور حوصلے کا مظہر ہیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں اور پوری قوم ان کی بہادری کو سلام پیش کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے تک جنگ پوری قوت سے جاری رہے گی۔ پاکستان کی سلامتی، امن اور خوشحالی کے تحفظ میں سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں پوری قوم کو فخر ہیں۔ وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے نرم میں کامیاب انٹیلی جنس ہیڈ آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے 31 دہشت گرد جہنم واصل کرنا بڑی کامیابی ہے۔ جمعہ کو ایکس پر اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کے ٹھکانوں کی تباہی سیکیورٹی فورسز کی بڑی کامیابی ہے۔ غیر ملکی سرپرستی میں ہونے والی

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 5)

کوئٹہ میں گیس کے بھاری بلوں نے شہریوں کی مشکلات بڑھا دیں

30 پوئنٹس استعمال پر بل 20 ہزار روپے سے تجاوز کر گیا، بلوں کا شفاف آڈٹ کیا جائے اور صارفین کو غیر ضروری مالی بوجھ سے نجات دلا کر انصاف فراہم کیا جائے

عوامی حلقوں نے حکومت بلوچستان، وفاقی حکومت، سوئی سدرن گیس کمپنی اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ گیس کے بلوں میں اضافی چارجز اور میٹرز کا فوری نوٹس لیا جائے، شہری

کوئٹہ (اے این این) کوئٹہ شہر میں گیس کے بلوں میں فکس اضافی چارجز اور میٹرز کی ریڈنگ کے نفاذ نے عام گھریلو صارفین کو شدید مالی مشکلات کا شکار بنا

امرالمعروف و نہی عن المنکر — اچھائی کی طرف اطلاع کرنا ہر ایک کا ہے
روزنامہ اطلاع عام کوئٹہ
Daily ETLA-E-AAM Quetta
چیف ایڈیٹر: محمد عمر
E-mail: Etlaeaam2010@gmail.com
چیف ایڈیٹر محمد عمر نے الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر نیوز افغان روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
فون نمبر: 081-2820055 , 081-2453865
فیکس نمبر: 081-2828245
Email:Etlaeaam2010@gmail.com

سانحہء کوہاٹ، قومی یکجہتی کا متقاضی

کوہاٹ میں غیر قانونی گولڈ مائننگ کے خلاف آپریشن کے دوران دریائے سندھ پر نواحی علاقے گمبٹ کے قریب دہشت گردوں کی فائرنگ سے ڈی ایس پی سمیت 10 پولیس اہلکار شہید جبکہ 11 زخمی ہوگئے۔ سکیورٹی فورسز نے آپریشن کے دوران 18 خوارج بھی جہنم واصل کر دیئے۔ حکام کے مطابق واقعہ کوہاٹ شہر میں دربوکچ کے علاقے میں پیش آیا۔ ڈپٹی کمشنر کوہاٹ نے بتایا کہ دریائے سندھ پر گولڈ مائننگ میں غیر قانونی کام کرنے والوں کو دی گئی دو دن کی ڈیڈ لائن ختم ہونے کے بعد آپریشن شروع کیا گیا تھا جس دوران یہ واقعہ رونما ہوا۔ اطلاعات کے مطابق دربوکچ کے علاقے میں فتنہ الخوارج اور جرائم پیشہ گٹھ جوڑ نے پولیس نفری پر گھات لگا کر حملہ کیا جس سے ڈی ایس پی حیدر زمان سمیت 10 اہلکار شہید ہوئے۔ واقعے کے بعد فورسز کی بھاری نفری طلب کر کے علاقے کے داخلی اور خارجی راستے سیل کر دیئے گئے۔ پولیس نے آپریشن کیا اور ذمہ داروں کو کیفرِ کردار تک پہنچایا۔ اِس کے علاوہ تھانہ صوابی کی حدود میں دوران گشت پولیس وین پر نامعلوم افراد نے اندھا دھند فائرنگ کی جس کے نتیجے میں انچارج پولیس چوکی ولید خان سمیت دو اہلکار شہید جبکہ ایک شدید زخمی ہوگیا۔ کوہاٹ میں دریائے سندھ کے کنارے غیر قانونی گولڈ مائننگ کے خلاف جاری آپریشن کے دوران پیش آنے والا دلخراش واقعہ اور اُسی روز صوابی میں پولیس گشتی پارٹی پر ہونے والا حملہ ملک میں اَمن وامان کی صورتحال اور دہشت گردی کے درپیش چیلنج کی سنگینی کو ایک بار پھر اُجاگر کرتا ہے۔ مذکورہ واقعات میں پولیس اہلکاروں کی شہادت اِس اَمر کی غمازی کرتی ہے کہ قانون نافذ کرنے والے ادارے فرنٹ لائن پر رہتے ہوئے مسلسل خطرات کا سامنا کر رہے ہیں۔ کالعدم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) کی طرف سے کوہاٹ حملے کی ذمہ داری قبول کرنا اِس حقیقت کو بھی واضح کرتا ہے کہ یہ محض مقامی جرائم پیشہ افراد کی مزاحمت نہیں بلکہ ایک منظّم دہشت گرد نیٹ ورک کی کارروائی تھی جو ملکی وسائل پر غیر قانونی قبضے اور بدامنی کے ذریعے ریاست کی رٹ کو چیلنج کر رہا ہے۔ سانحہ کوہاٹ اپنے اندر کئی پہلو لئے ہوئے ہے جن پر سنجیدہ غور وفکر کی ضرورت ہے۔ ملک کے قدرتی وسائل کی غیر قانونی لوٹ مار اور دہشت گرد تنظیموں کے درمیان گٹھ جوڑ انتہائی خطرناک رجحان ہے۔ دریائے سندھ کے کنارے سونے کے ذرائع پر غیر قانونی قبضہ نہ صرف قومی خزانے کو نقصان پہنچا رہا ہے بلکہ اِس سے حاصل ہونے والی غیر قانونی آمدن دہشت گردی کی مالی معاونت کا ذریعہ بھی بن رہی ہے۔ ریاستی ادارے جب اِس غیر قانونی دھندے کو روکنے کے لئے حرکت میں آتے ہیں تو اُنہیں منظّم مسلح مزاحمت کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اِس صورتحال میں پولیس اور سکیورٹی فورسز کے جوانوں کی قربانیاں بلاشبہ لائقِ تحسین ہیں تاہم یہ سوال بھی اپنی جگہ اہم ہے کہ اِن علاقوں میں غیر قانونی سرگرمیاں اور مسلح جتھے اِس حد تک منظّم کیسے ہوگئے؟ دہشت گردی کا ناسور محض سکیورٹی کا مسئلہ نہیں ہے بلکہ یہ براہِ راست ملک کی معاشی بقاء اور ترقی سے جڑا ہوا ہے۔ ملک کے اندر جب تک اَمن وامان کی صورتحال مکمل طور پر مستحکم نہیں ہوتی، دہشت گردی کا مکمل خاتمہ نہیں کیا جاتا، اُس وقت تک ملکی معاملات کا معمول پر آنا خاص طور پر معاشی استحکام کا خواب شرمندہ تعبیر ہوسکنا ممکن نہیں۔ پاکستان آج جس معاشی بحران سے گزر رہا ہے، اُس سے نکلنے کے لئے بیرونی سرمایہ کاری کو کلیدی اہمیت حاصل ہے۔ حکومت کی طرف سے خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل اور دیگر فورموں کے ذریعے دوست ممالک اور عالمی سرمایہ کاروں کو پاکستان میں کان کنی، زراعت، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور توانائی کے شعبوں میں سرمایہ کاری کی دعوت دی جارہی ہے تاہم سرمایہ کاروں کا اعتماد صرف مراعاتی پیکیجز سے بحال نہیں ہوسکتا۔ سرمایہ کار اُسی ملک کا رُخ کرتا ہے جہاں جان اور مال کا تحفظ یقینی ہو، قانون کی بالادستی ہو اور کاروباری ماحول پُراَمن ہو۔ موجودہ گمبھیر صورتحال کا تقاضہ ہے کہ سیاسی اختلافات اور ذاتی مفادات سے بالاتر ہوکر پوری قوم کو ایک پلیٹ فارم پر یکجا کیا جائے۔ ماضی میں جب آرمی پبلک سکول کا سانحہ پیش آیا تھا تو سیاسی اور عسکری قیادت نے سر جوڑ کر بیٹھنے کے بعد ''نیشنل ایکشن پلان'' جیسا جامع لائحہ عمل ترتیب دے کر اُس پر عملدرآمد کا آغاز کیا تھا۔ اُس وقت اِس کاوش کے نتیجے میں دہشت گردوں کی کمر ٹوٹی اور بڑی حد تک اَمن بحال ہوگیا۔ بعدازاں پالیسی سازوں کی کمزوری نے دہشت گردوں کو پھر مجتمع ہوکر اپنی طاقت اکٹھی کرنے اور نیٹ ورکس تشکیل دینے کا موقع فراہم کر دیا جس کا خمیازہ اِس نئی لہر کی صورت میں بھی قوم بھگت رہی ہے۔ ملک کو ایک بار پھر ویسے ہی قومی اتفاقِ رائے اور نیشنل ایکشن پلان پر کسی حیل وحجت یا تاخیر کے بغیر بھرپور عملدرآمد کی ضرورت ہے اس حوالے سے چند بنیادی نکات کو اولیت دینا بھی ناگزیر ہے۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں بالخصوص پولیس کو جدید اسلحے، بکتر بند گاڑیوں اور انٹیلی جنس صلاحیتوں سے لیس کرنا ہوگا تاکہ وہ جرائم پیشہ اور دہشت گرد عناصر کا مؤثر مقابلہ کر کے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع کو کم سے کم کرسکیں۔ غیر قانونی معیشت، سمگلنگ اور قدرتی وسائل کی غیر قانونی کان کنی کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردوں کی مالی شہ رگ کو بھی کاٹنا جانا چاہئے۔ وفاق اور صوبوں کے درمیان ہم آہنگی کو مزید مضبوط بنانا ہوگا تاکہ دہشت گردی کو جڑ سے اُکھاڑ پھینکا جاسکے۔ پاکستان اِس وقت ایک نازک دوراہے پر کھڑا ہے۔ آگے بڑھنے، معاشی خود انحصاری حاصل کرنے اور عالمی برادری میں اپنا وقار بحال کرنے کا واحد راستہ اندرونی استحکام ہی سے ہوکر گزرتا ہے، شہداء کا لہو قوم خصوصاً اہلِ سیاست اور اربابِ اختیار سے تقاضہ کرتا ہے کہ اُن کی قربانیوں کو رائیگاں نہ جانے دیا جائے کہ اُنہوں نے ملک کے اَمن اور ترقی کے لئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔

اب دویات کی قیمتوں میں دو ہزار فیصد اضافہ؟

میاں اشفاق انجم

مہنگائی کا طوفان کہہ لیں، سونامی کہہ لیں، سب فقرات سچ ثابت ہو رہے ہیں ہمارے ہاں یہ بات بڑی یکسوئی سے مشہور ہے جو چیز ایک دفعہ مہنگی ہو جائے دوبارہ پرانی قیمت پر آنا ممکن نہیں۔ پٹرولیم مصنوعات سے لیکر درجنوں روزمرہ کی اشیاء ایسی ہیں جن کی قیمتیں ڈبل یا ٹرپل ہو چکی ہیں اسی طرح سبزیاں، فروٹ ہیں جن کے ریٹس موسم کے حوالے سے کم زیادہ ہوتے رہتے ہیں مگر وفاقی وزیر صحت سابق میئر کراچی مصطفیٰ کمال کے بیان نے کم از کم مجھے ہلا کر رکھ دیا ہے جس میں موصوف فرماتے ہیں دوائیاں بنانے والی 50 سے زائد کمپنیوں نے دو ہزار فیصد اضافہ کر دیا ہے۔ میں نے روزنامہ ''پاکستان'' سمیت دیگر اخبارات میں خبر پڑھی یقین نہیں آیا۔ دوبارہ پڑھی پھر چیک کیا، خبر فیک تو نہیں ہے بڑی ذمہ دار ایجنسیوں کی طرف سے خبر شائع ہوئی تھی خبر بھی ہمارے دارالخلافہ اسلام آباد سے جاری ہوئی تھی جہاں وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے فرمایا دوائیاں بنانے والی 50 کمپنیوں نے دو ہزار فیصد قیمتیں بڑھا دی ہیں۔ تھرڈ پارٹی آڈٹ میں نشاندہی ہوئی ہے دو ہزار فیصد اضافہ کر دیا گیا ہے وزیر موصوف فرماتے ہیں 2022ء کے بعد کمپنیوں کو نان اینٹی بائیوٹک ادویات کی قیمتوں میں اضافے کی اجازت دی تھی بہت سی کمپنیوں نے اس کا فائدہ اٹھاتے ہوئے خود ہی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ کر لیا ہے ان تمام کمپنیوں کو شوکاز نوٹس جاری کر دیئے ہیں۔ حکومت نے ایک کمیٹی بنا دی ہے جس کے سربراہ وزیر خزانہ ہیں دوائیوں کی قیمتوں میں اضافے کا جائزہ کمیٹی لے گی اور فیصلہ بھی کرے گی اُن کا کہنا تھا سندھ بزنس کمیونٹی کی مجبوری ہے وہ سندھ حکومت پر تنقید نہیں کر سکی ان کو ڈر ہے جو کام ہو رہا ہے وہ بھی رُک نہ جائے۔ نئے انتظامی یونٹس کا بلیو پرنٹ سسٹم چلانے والوں کے پاس ہوگا میرے پاس نہیں ہے۔ مسلم لیگ (ن) بھی راضی ہے اُن کی خاموشی کو رضامندی سمجھیں گے ملک کے مسائل کا حل اور ریاست کی سوچ اب الائین ہو چکی ہے نئے انتظامی یونٹ پر بات بہت آگے بڑھ چکی ہے متعلقہ حلقوں میں سنجیدگی سے دیکھا جا رہا ہے۔ سنجیدہ معاملہ ہے سنجیدگی سے حل کرنے کی طرف بڑھ رہے ہیں وزیر موصوف کا کہنا ہے یہ کام بہت پہلے ہو جانا چاہئے تھا۔ ہم جتنی دیر لگائیں گے اتنی پریشانی ہوگی۔ انہوں نے کہا ایسا ہرگز نہیں ہے کسی کو ٹرک کی بتی کے پیچھے لگایا جا رہا ہے بعض لوگوں کی تلخی سے اندازہ لگائیں ان کو انتظامی یونٹس سے کتنی تکلیف ہو رہی ہے سب کو پتہ ہے ملک میں یہ ہونے جا رہا ہے۔ وزیر فرماتے ہیں کراچی میں نادرن بائی پاس ڈبل ہو رہا ہے۔ کراچی، حیدر آباد موٹروے بنے گی۔ سکھر موٹروے پر اس سال کام شروع ہو جائے گا، فرماتے ہیں ملک میں مہنگائی بڑھ رہی ہے بلکہ ہر چیز کی قیمت میں اضافہ ہوا ہے اس لئے دوائیوں کی قیمتیں بھی بڑھ رہی ہیں۔ اگر ادویات کی قیمتیں نہیں بڑھائیں گے تو کون سرمایہ کاری کرے گا۔ جان بچانے والی ادویات میں ہوشربا اضافہ ہوا ہے اب حکومت کو اپنے اینڈ پر کچھ کرنا ہوگا کینسر کی دوا ہے اس کی مطلوبہ ضرورت کے مطابق اس کی قیمت نہیں بڑھی، دوا مارکیٹ سے غائب ہے۔ وفاقی وزیر صحت کا بیان پورا اس لئے بار بار پڑھا اور تحریر کر رہا ہوں پہلے حصے میں فرماتے ہیں 50 کمپنیوں نے دو ہزار فیصد اضافہ کر لیا ہے۔ 2022ء میں دی گئی اجازت کو جواز بنا کر اسی فیصلے کی آڑ میں کیا گیا ہے۔ ساتھ فرماتے ہیں تھرڈ پارٹی تحقیقاتی ادارے کے آڈٹ سے انکشاف ہوا ہے، تقریر کے آخر میں دوسری بات فرما رہے ہیں، مہنگائی بڑھی ہے ہر چیز کی قیمتوں میں اضافہ ہوا ہے ادویات کی قیمتوں میں اضافہ نہیں ہوگا تو سرمایہ کاری کون کرے گا۔ ساتھ وزیر صاحب نے کینسر کے مرض کی دوا کی مثال دی اور کہا اس کی مطلوبہ قیمت کم ہے مارکیٹ سے غائب ہے۔ قیمتوں کے کنٹرول اور ضروری ادویات کی قیمتیں بڑھانے کے لئے حکومت کو کچھ کرنا ہوگا۔ وزیر موصوف کی دو عملی پر مبنی تقریر نے کم از کم مجھے چکرا کر رکھ دیا ہے۔ ایک طرف دو ہزار فیصد قیمتیں بڑھانے کا اعتراف کرتے ہوئے آڈٹ رپورٹ کی تصدیق بھی کر رہے ہیں اور ساتھ ہی ادویات کی قیمتوں میں اضافے کو ضروری سرمایہ کاری بھی قرار دے رہے ہیں ان کی دو عملی اور دوہرے معیار کا کیسے اور کن سے رونا رویا ائے۔ عوام کو کس گھن چکر میں ڈال رکھا ہے حقائق کیوں چھپائے جا رہے ہیں عوام کے استعمال کی ادویات یا روز مرہ استعمال کی اشیاء، ان کی قیمتوں پر حکومت کا کنٹرول کیوں نہیں ہے اِس میں کوئی دو آراء نہیں کہ دنیا بھر میں مہنگائی کی لہر ہے پاکستان بھی اس کی زد میں ہے لیکن پانچ روپے والا پیناڈول کا پتہ 40 روپے میں فروخت ہو رہا ہے ایک دوائی 40 روپے کی ڈبی یعنی 10 گولیاں تھیں۔ گزشتہ روز 440 میں خریدی ہیں بات ادویات تک نہیں رہی، صحت میں آدمی کے لئے حکومت کا کوئی ریلیف نہیں ہے البتہ خبروں اور اشتہارات تک بہت کچھ ہو رہا ہے۔ سرکاری ہسپتالوں کی کسمپرسی اپنی جگہ پر قائم ہے اور پرائیویٹ ہسپتالوں کی لوٹ مار اور ڈاکٹر کی من مانیاں اپنی جگہ قائم ہیں۔ آج کے کالم کو میڈیسن کی قیمتوں میں اضافے اور ذاتی دُکھ تک محدود رکھنا چاہتا ہوں۔ سرکاری ہسپتالوں کے بارے میں بہت کچھ لکھا اور نشر کیا جا رہا ہے البتہ پرائیویٹ ہسپتال، پرائیویٹ سکولز کی طرح نئی صنعت کی صورت میں سامنے آچکی ہے تعلیم کی طرح صحت بھی تجارت بن کر میدان میں، اس پر انشاء اللہ بڑے مواد کے ساتھ اگلے کالم تک اجازت۔

ریڈیو اور ٹیلی ویژن حکومتی توجہ کا طلب گار

محمد افضل عاجز

دنیا بھر میں فن وثقافت کے مختلف رنگوں کو بطور ہتھیار بھی استعمال کیا جاتا ہے اور یہ وہ ہتھیار ہے جو مختلف اقوام کے درمیان تعارف کا سبب بنتا ہے یہ ہتھیار دلوں کے درمیان محبت واحترام کو پروان چڑھاتا ہے پاکستان کی اگر بات کی جائے تو یہاں کے فنکاروں نے دنیا بھر میں پاکستان کیلئے بہت شاندار خدمات پیش کی ہیں استاد نصرت فتح علی خان مرحوم نے موسیقی کے ذریعے پاکستان کو جو اونچائی دلائی کیا وہ قابل تحسین نہیں ہے.....؟ ان سے پہلے استاد سلامت علی خان مرحوم نے کلاسیکی موسیقی کے حوالے سے پورے ہندوستان کو اپنی لپیٹ میں لے لیا ان کی سب سے بڑی گلوکارہ لتا مینگیشکر کو ان کے پاؤں میں بیٹھ کے دل ہارتے ہوئے دیکھا گیا وہاں کے ایک حکمران نے سرد آہ بھرتے ہوئے کہا ہمارے پاس سب کچھ ہے مگر استاد سلامت علی خان نہیں ہے یہ کمی ہمیں ہمیشہ پریشان رکھے گی پاکستانی خوش قسمت ہیں کہ ان کے پاس سلامت علی خان ہیں اور پھر لتا مینگیشکر نے جب غزل گائیک مہدی حسن کو سنا تو انہیں ان کے گلے میں بھگوان نظر آنے لگا غزل گائیک غلام علی فدا حسین لوک گلوکار شوکت علی مرحوم موسیقار استاد نذر حسین بخشی وزیر کس کس کا نام لوں، جن کے کام نے انہیں اتنا متاثر کیا کہ نہ صرف ان کے کام کو سنا بلکہ ان کی سروں سے نیے سر بھی تلاش کیے اس وقت بھی ہندوستان بالخصوص پنجاب اور بالی وڈ انڈسٹری میں پاکستانی میوزک کی ڈیمانڈ سب سے زیادہ ہے وہاں کے گلوکار ہمارے گلوکاروں کے گائے ہوئے گیتوں کو گا کے اپنی محفلوں کو گرماتے ہیں ان دنوں بھی ہندوستان کے گلوکار اور عوام ایک پاکستانی سرائیکی گیت.. چھلڑے چھلڑے وال. کے سحر میں مبتلا ہیں ان کے بڑے چھوٹے سبھی گلوکار یہ گیت اپنی محفلوں میں گا رہے ہیں جن میں گلوکارہ سنند اشرما اور ان کے سب سے بڑے پنجابی گلوکار دلجیت دوسانج بھی شامل ہیں یہ وہی دلجیت دوسانج ہیں جنہوں نے گزشتہ ماہ لندن کے سب سے بڑے ہال میں ایک لاکھ کے قریب سامعین کے سامنے فن کا مظاہرہ کرتے ہوئے ان کے مائیکل جیکسن کا ریکارڈ برابر کر دیا یہاں سے اندازہ لگائیں کہ جس ملک کے فنکار دنیا میں اسقدر پسند کیئے جاتے ہیں وہاں کے فنکار ہمارے ملک کے فنکاروں کی نقالی کرتے ہوئے اپنے فن کو آگے بڑھاتے ہیں جو یقیناً ہمارے ملک کے لیے فخر کی بات ہے لیکن جو بات کہنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ ایسے انمول فنکار ہمیں ریڈیو اور ٹیلی ویژن کے ذریعے ملے ہیں انہی اداروں نے ان فنکاروں کو دنیا بھر میں لوگوں تک پہنچایا یہی وہ ادارے ہیں جو حکومتی سرپرستی میں ملک کے کونے کونے سے باصلاحیت فنکاروں کو ڈھونڈ ڈھونڈ کر سامنے لاتے رہے موسیقی شعر وادب ڈرامہ تینوں شعبوں میں ان دو اداروں نے شاندار خدمات پیش کیں فلم کی بات کی جائے تو پرائیویٹ سیکٹر میں انہوں نے بھی لازوال کردار ادا کیا مگر بدقسمتی سے فلم انڈسٹری اپنا وجود برقرار نہ رکھ سکی جو کہ فن وثقافت کیلئے بہت نقصان دہ ثابت ہوا لیکن حکومتی سرپرستی میں چلنے والے اداروں کو تو چلتے رہنا چاہیے تھا کیونکہ ان اداروں کے ذریعے پاکستان کا ثقافتی چہرہ دنیا کے سامنے آتا تھا ہر شعبے میں ایسے ایسے فنکار سامنے آتے تھے جو دنیا بھر میں اپنے لیے ہی نہیں ملک کیلئے بھی م؟ حبتیں سمیٹتے تھے افسوس کہ اب ریڈیو اور ٹیلی ویژن جیسے ادارے محض عمارتوں کی حد تک نظر آتے ہیں اور ان عمارتوں کے اندر بیٹھے لوگ کام نہ ہونے کی وجہ سے بیکار بیٹھے رہتے ہیں یہ کام کرنا چاہتے ہیں مگر فنڈ نہ ہونے کی وجہ سے یہ کسی بھی طرح کی پروڈکشن کر ہی نہیں سکتے مگر خاموش ہیں کیونکہ سرکار کی پالیسی کے تابع ہیں سرکار اگر ان اداروں کو محض بلڈنگز تک محدود رکھنا چاہتی ہے تو پھر کوئی سرکاری ملازم کیسے بول سکتا ہے یا کیا کر سکتا ہے اس حوالے سے میاں نواز شریف کو نوٹس لینا چاہیے کیونکہ وہ جب وزیراعظم تھے تو انہوں نے معروف مزاح نگار اور شاعر عطاء الحق قاسمی کو پی ٹی وی کا چیرمین بنایا تو ٹیلی ویژن کے چاروں مراکز سے مختلف پروگرامز شروع کر دیے گئے تھے ہر سٹیشن پر میوزک ڈرامے سٹیج شو نوجوانوں کیلئے پروگرامز دیگر پروگراموں کو شروع کر دیا گیا تھا جس سے ان اداروں کی بلڈنگز میں روشنی پھیلنے لگی وہ لوگ جو پرائیویٹ چینلز کی چیخ پکار سے تنگ آچکے تھے انہوں نے دوبارہ سے پاکستان ٹیلی ویژن کی سکرین سے تعلق بنانا شروع کر دیا مگر نواز شریف جونہی اقتدار سے باہر ہوئے پی ٹی وی کی سکرین بھی اجڑ گئی عمران خان کے پورے دور میں یہ سکرین خالی رہی اب جبکہ ایک بار پھر شریف فیملی کے شہباز شریف وزیراعظم ہیں تو نواز شریف کو چاہیے کے وہ وزیراعظم کو پاکستان ٹیلی ویژن اور ریڈیو کو دوبارہ اپنے کردار کی ادائیگی کیلئے کہیں کیونکہ یہ دونوں ادارے قومی وقار کی علامت ہیں ان اداروں کے زریعے پاکستان کا مسکراتا ہوا چہرہ دنیا کے سامنے چمکتا ہوا دکھائی دیتا تھا ان اداروں کے ذریعے شعر ادب میوزک اور ڈرامے پوری دنیا میں پاکستان کی پہچان تھے کیا یہ بھی ہمارے ملک کیلئے کم اعزاز کی بات ہے کے آج بھی ہندوستان میں اداکاری کو سیکھنے اور سمجھنے کیلئے پاکستانی ڈرامہ دکھایا جاتا ہے اور انہیں بتایا جاتا ہے کہ ڈرامہ کیا ہوتا ہے اور اداکاری کیا ہوتی ہے وزیراعظم شہباز شریف سمیت ان کے خاندان کے اکثر لوگ میوزک سے دلچسپی رکھتے ہیں اور اپنی گھر کی محفلوں میں نغمہ سرائی بھی کرتے ہیں شاید یہی وجہ ہے کے پنجاب میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف صاحبہ نے فلم انڈسٹری کی دوبارہ بحالی کے لیے کروڑوں روپے فنڈ مہیا کئے ہیں اور فلموں کو مزید بہتر بنانے کیلئے فلم سٹی کا قیام بھی عمل میں لایا جہاں مختلف ترقیاتی کاموں پر توجہ دی جا رہی ہے تو ریڈیو پاکستان اور پاکستان ٹیلی ویژن دونوں وفاق کے ادارے ہیں تو وزیراعظم شہباز شریف ادھر بھی توجہ دیں موسیقی شاعری اور ڈرامے کو تو وہ بھی پسند کرتے ہیں تو یہ دونوں ادارے ان کی نظروں سے اوجھل کیوں ہیں، انہیں فنڈ کیوں نہیں دیا جا رہا.....؟

کلام اقبال کو ''تجاوزات'' سے بچائیں

نسیم شاہد

خیبر پختونخوا کے گورنر فیصل کریم کنڈی پکا سا منہ بنا کے پورے اعتماد کے ساتھ علامہ اقبال سے منسوب کر کے جو شعر پڑھ گئے، وہ اب ان کی اقبال؟ اور شاعری سے لاعلمی کی ایک مثال بن کر ان کا پیچھا کرتا رہے گا۔ ابھی چند روز پہلے پنجاب کے وزیر تعلیم رانا سکندر بھی ایک غلط ملط شعر علامہ اقبال؟ کی روح کو تڑپا کر بھری محفل میں سنا گئے اور اس کی ویڈیو اب ان کا پیچھا کر رہی ہے۔ پہلی بات تو یہ سمجھ نہیں آتی کہ ان صاحبان کو آخر کیا ضرورت پڑتی ہے کہ علامہ اقبال؟ کی روح کو تکلیف دیں، جو کہنا ہے، جو بقراطی جھاڑنی ہے، جھاڑتے رہیں مگر قومی شاعر کی شعری سلطنت میں اس طرح مداخلت تو نہ کریں۔ سوشل میڈیا پر پہلے ہی اقبال؟ کی شاعری کا حلیہ بگاڑ کر پوسٹ کرنے کی روایت پڑی ہوئی ہے بلکہ اکثر شعر تو صرف ان سے منسوب ہوتے ہیں، وہ ان کے ہرگز نہیں ہوتے۔ ہم نے یہ بھی دیکھا کہ صاحبانِ اقتدار اپنی علمیت کا اظہار کرنے کے لئے اقبال کے اشعار کو اپنے خطاب میں شامل کرنا کارثواب سمجھتے ہیں اور پڑھتے ہوئے کئی غلطیاں کر جاتے ہیں، ان غلطیوں کو سننے والے خود تصحیح کر کے شعر سمجھ لیتے ہیں مگر یہ بے تکے، بے وزن، بے ربط اور بے معنی اشعار ملک کی ذمہ دار شخصیات کی طرف سے اقبال سے منسوب کرنا ایک بہت بڑی زیادتی ہی نہیں بلکہ پرلے درجے کی کم علمی بھی ہے۔ مقام حیرت یہ بھی ہے کہ جو اقتدار میں موجود شخصیات ہوتی ہیں، ان کے پاس سپیچ رائٹرز بھی ہوتے ہیں، پرسنل سیکرٹری بھی موجود ہوتا ہے اور صاحبانِ علم کی خدمات بھی حاصل کی جاسکتی ہیں۔ ان سب کی موجودگی کے بارے یہ غلطیاں کیسے سرزد ہوتی ہیں۔ سوال یہ ہے کہ فیصل کریم کنڈی نے اقبال؟ کے حوالے سے جو شعر پڑھا وہ انہوں نے کہیں سے تو حاصل کیا ہوگا۔ کیا انہوں نے تصدیق کی یہ شعر اقبال کا ہی ہے۔ یا اپنے سٹاف کے کسی پڑھے لکھے بندے کو کہا وہ چیک کرے یہ شعر علامہ اقبال؟ کے کس مجموعہ کلام میں ہے یا کسی شاعر سے مدد لے کر بتائے کیا یہ شعر وزن میں ہے، کیا اسے پڑھا جا سکتا ہے۔ سنجیدہ ادبی حلقے پہلے ہی اس بات پر متفکر رہتے ہیں کہ سوشل میڈیا پر اقبال، فیض، غالب اور دیگر بڑے شاعروں سے ایسے اشعار منسوب کئے جا رہے ہیں جو ان کے ہیں ہی نہیں۔ اب اگر صاحبانِ اقتدار بھی یہ روش اپنا لیں گے تو ہماری شاعری اور بڑے شاعروں کا کیا بنے گا؟ ایک عام طالب علم تو اس بات کو مثال بنا لے گا کہ فلاں بڑی شخصیت نے اس شعر کو علامہ اقبال کا شعر قرار دے کر پڑھا ہے۔ پھر شعر بھی ایسے منسوب کئے جاتے ہیں جو ذاتی مقاصد پورے کرتے ہوں۔ گویا بگاڑ کے لئے بھی اب اقبال کی شاعری کو بگاڑنے کی ضرورت پیش آگئی ہے۔ ہماری تاریخ میں یہ کوئی نئی روایت نہیں۔ ہر دور کے حکمران شاعری کا استعمال ایسے کرتے رہے ہیں جیسے وہ بہت بڑے عالم وفاضل ہوں۔ ایک زمانہ تھا جب یہ حماقتیں چھپ جاتی تھیں۔ پتہ نہیں چلتا تھا، کون کیا کہہ گیا ہے۔ اب اس دور میں کہ جب ہزاروں کیمرے چل رہے ہوتے ہیں ایسی جرائت کرنا تمغہ، حماقت کے لئے خود کو اہل قرار دینے کے مترادف ہے۔ عوام غلط شعر پڑھنے والوں کو تو برداشت کر لیتے ہیں مگر جعلی شعر پڑھنے والوں کو برداشت کر کے وہ اس جرم میں شریک نہیں ہونا چاہتے جو ایک قومی شاعر کے ساتھ کیا جا رہا ہے۔ لہجے کا فرق ہوسکتا ہے۔ سندھی، پنجابی، سرائیکی، پشتو اور بلوچی بولنے والے جب اقبال کا شعر پڑھتے ہیں تو لہجے کی وجہ سے لفظوں کا آہنگ اردو والا نہیں ہوتا مگر وہ غلط نہیں پڑھتے۔ ہر بڑے شاعر کا ایک انداز ہے اور شاعری و ادب سے شغف رکھنے والے اس سے بخوبی آگاہ ہوتے ہیں۔ علامہ اقبال کی اگر پوری شاعری کسی نے نہیں بھی پڑھی تو اسے شعر سن کر یہ اندازہ ضرور ہو جاتا ہے یہ اقبال کا شعر ہے یا نہیں کیونکہ اقبال کی شاعری کا بلند آہنگ، ڈکشن اور لفظوں کا زیر و بم بتا دیتا ہے وہ کس کی شاعری ہے۔ اب فیصل کنڈی صاحب نے جو کچھ اقبال کے نام سے سنایا ہے، وہ اقبال؟ کا شعر تو کجا شعر بھی نہیں۔ اس میں نہ ردھم ہے، نہ شعریت اور اوزان ہیں۔ یقیناً جس تقریب میں وہ خطاب کرتے ہوئے آخر میں یہ شعر پڑھ کر ڈائس سے اترے ہوں گے، وہاں بیٹھے ہوئے لوگوں کی اکثریت نے بھی سر پیٹ لئے ہوں گے کہ گورنر صاحب یہ کیا سنا گئے ہیں کسی نے سوشل میڈیا پر بڑا دلچسپ تبصرہ کیا کہ فیصل کریم کنڈی نے اقبال کی شاعری پر بھی گورنر راج لگا کے اس میں باہر کے اشعار شامل کرنے کا حکم جاری کر دیا ہے۔ مغلیہ اور سلاطین کے دور میں بادشاہ اپنے درباروں میں باعلم افراد کو رکھتے تھے۔ اس کا مقصد یہ ہوتا تھا کہ اگر وہ کچھ بولیں، رعایا سے کچھ کہیں تو اس میں علمیت ہونی چاہیے۔ زبان کی صحت اور ابلاغ کی طاقت کو بھی وہ سمجھتے تھے، ہمارے ہاں یہ سلسلہ اس دور میں بھی جاری رہا ہے۔ ضیاء الحق کے پاس سپیچ رائٹرز تھے، انہیں شعر پڑھنے کی مہارت بھی سکھاتے تھے۔ نواز شریف اور بے نظیر بھٹو نے بھی نامور اہلِ قلم اور صحافیوں کو اس کام کے لئے رکھا۔ عمران خان نے خود پر انحصار کیا اور ایسا کوئی مشیر نہیں رکھا تو انہوں نے غلطیاں بھی کیں تاہم ان سب نے کبھی کوئی ایسا شعر نہیں پڑھا جو اقبال، فیض یا غالب نے کہا ہی نہیں یہ بدعت اب عام ہو رہی ہے۔ اسے روکنا بہت ضروری ہے۔ پنجاب کے وزیر تعلیم رانا سکندر حیات خان کو تو اس ضمن میں حد درجہ احتیاط کرنی چاہیے۔ ان کے پاس ایک سے بڑھ کر ایک سکالر، پروفیسر اور اہلِ قلم سکولوں کالجوں میں موجود ہے۔ وہ کوئی بھی شعر پڑھنے سے پہلے اس کے بارے میں پہلے چھان پھٹک کریں۔ وہ ایسی دو تین غلطیاں کر چکے ہیں اور اس سے ان کا امیج خراب ہوا ہے۔ یہ نہیں ہوسکتا کہ کوئی اقتدار میں ہے تو اس کی زبان سے نکلے ہوئے ہر لفظ کو صحیفہ مان کر قبول کر لیا جائے۔ خاص طور پر شاعری کو بگاڑنے اور علامہ اقبال جیسے قومی شاعر کی شعری اقلیم کو برباد کرنے کی اجازت کسی کو نہیں دی جاسکتی۔ اس لئے اہلِ اقتدار سے گزارش ہے وہ کلام اقبال کو پڑھیں ضرور مگر اس میں ''تجاوزات'' کو شامل نہ کریں۔

پاکستان میں گڈ گورننس اور ترقی کیلئے 11 فیصد نئے شہری صوبوں کے حامی

پاکستان میں ترقی اور حکومتی خدمات کی بہتر فراہمی کیلئے نئے صوبوں کے قیام کے حامی شہریوں کی تعداد میں نمایاں اضافہ ہو رہا ہے

سروے کے مطابق 2022 میں نئے صوبوں کے قیام کی حمایت 54 فیصد تھی، جو 2024 میں بڑھ کر 66 فیصد ہوگئی

لاہور (اے این این) ایک نئے سروے میں انکشاف ہوا ہے کہ پاکستان میں ترقی اور حکومتی خدمات کی بہتر فراہمی کیلئے نئے صوبوں کے قیام کے حامی شہریوں کی تعداد میں نمایاں اضافہ ہو رہا ہے، سروے میں شہریوں نے اظہارِ خیال کیا ہے کہ اس اقدام سے طرزِ حکمرانی بہتر بنانے، ترقیاتی عمل تیز کرنے اور سرکاری خدمات کو عوام کی دہلیز تک پہنچانے میں مدد مل سکتی ہے۔ واضح رہے کہ نئے صوبوں کے قیام کا مطالبہ اس پس منظر میں زور پکڑ رہا ہے کہ بڑے صوبائی انتظامی ڈھانچے دور دراز اضلاع اور چھوٹی آبادیوں کی ضروریات پوری کرنے میں مشکلات کا شکار ہیں۔ میریڈین نیشنل بیرومیٹر 2026 کے نام سے کیے گئے سروے میں، جس کا انعقاد میریڈین اینالیٹکس نے 5 ہزار شہریوں کے درمیان کیا، انکشاف ہوا ہے کہ 77 فیصد پاکستانی اضافی صوبوں کے قیام کی حمایت کرتے ہیں۔ نومبر 2022 کے مقابلے میں یہ شرح 23 فیصد پوائنٹس بڑھ گئی ہے۔ سروے کے مطابق 2022 میں نئے صوبوں کے قیام کی حمایت 54 فیصد تھی، جو 2024 میں بڑھ کر 66 فیصد ہوگئی اور تازہ ترین سروے میں 77 فیصد تک پہنچ گئی۔ یہ نتائج ظاہر کرتے ہیں کہ نئے صوبوں کے قیام کی بحث اب محض سیاسی اور جغرافیائی حدود تک محدود نہیں رہی بلکہ اس کا تعلق روزمرہ طرزِ حکمرانی کے مسائل سے بھی جڑ چکا ہے۔ شہریوں کو توقع ہے کہ چھوٹی انتظامی اکائیوں کے قیام سے بنیادی سرکاری خدمات کی فراہمی بہتر ہوگی اور تمام علاقوں میں ترقی کے یکساں مواقع پیدا ہوں گے۔ پاکستان کے سیاسی منظرنامے میں نئے صوبوں کا قیام ایک اہم مسئلہ رہا ہے، خصوصاً پنجاب میں جہاں جنوبی پنجاب اور بہاولپور کو الگ صوبے بنانے کے مطالبات وقتاً فوقتاً سامنے آتے رہے ہیں۔ جنوبی پنجاب کے الگ صوبے کے حامیوں کا مؤقف ہے کہ علیحدہ انتظامی

اوستہ محمد میں پولیس گشت اور سیکیورٹی سخت، داخلی و خارجی راستوں پر ناکہ بندی

مشکوک افراد پر کھڑی نظر جرائم پیشہ افراد کے خلاف کریک ڈاؤن کیا جائے گا، سی آئی اے انچارج

گندا خہ (اے این این) اوستہ محمد شہر میں امن وامان کی صورتحال برقرار رکھنے اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے ایس ایچ او سٹی اوستہ محمد ندیم احمد بہرانی اور سی آئی اے انچارج کرم حسین ببر کی نگرانی میں پولیس نے سیکیورٹی مزید سخت کر دی ہے۔ پولیس کی جانب سے شہر کے مختلف علاقوں، اہم شاہراہوں اور حساس مقامات پر گشت میں اضافہ کر دیا گیا ہے، جبکہ شہر کے داخلی و خارجی راستوں پر ناکہ بندی کر کے آنے جانے والی گاڑیوں اور مشکوک افراد کی سخت چیکنگ کی جا رہی ہے۔ پولیس اہلکار مشکوک نقل و حرکت پر کڑی نظر رکھے ہوئے ہیں اور مشکوک افراد کی نشاندہی ہونے پر فوری کارروائی کے لیے سیکیورٹی اقدامات مزید مؤثر بنائے گئے ہیں۔ پولیس حکام کے مطابق ان اقدامات کا مقصد جرائم پیشہ اور مشکوک عناصر کی نقل و حرکت کی روک تھام، جرائم پر قابو پانا اور شہریوں کو محفوظ ماحول فراہم کرنا ہے۔ شہریوں سے بھی اپیل کی گئی ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک سرگرمی کی اطلاع فوری طور پر متعلقہ پولیس تھانے کو دیں۔ اوسٹی اوستہ محمد ندیم احمد بہرانی اور سی آئی اے انچارج کرم حسین ببر کی نگرانی میں پولیس نے سیکیورٹی مزید سخت کر دی ہے۔ پولیس کی جانب سے شہر کے مختلف علاقوں، اہم شاہراہوں اور حساس مقامات پر گشت میں اضافہ کر دیا گیا ہے، جبکہ شہر کے داخلی و خارجی راستوں پر ناکہ بندی کر کے آنے جانے والی گاڑیوں اور مشکوک افراد کی سخت

سخت ویزا پالیسیاں، طلبہ نے امریکا و برطانیہ کی بجائے ایشیا و یورپ کا رخ کر لیا

لاہور (جی این ایم) عالمی جامعات کی جانب سے کیے گئے سروے کے نتائج میں بتایا گیا ہے کہ سخت ویزا پالیسیوں اور امیگریشن قوانین کے باعث بین الاقوامی طلبہ امریکا اور برطانیہ کے بجائے ایشیا اور یورپ کی جامعات کو ترجیح دینے لگے ہیں۔ اسٹڈی پورٹلز، نیفرا اور آکسفورڈ ٹمیسٹ آف انگلش کے 63 ممالک کی 437 جامعات پر مشتمل سروے کے مطابق گزشتہ سال کے مقابلے میں اگست سے اکتوبر کے دوران برطانیہ میں بین الاقوامی انڈر گریجویٹ طلبہ کی تعداد میں 19 فیصد جبکہ امریکا میں 13 فیصد کی ریکارڈ کی گئی کینیڈا اور آسٹریلیا میں بھی غیر ملکی طلبہ کی دلچسپی کم ہوئی ہے جبکہ ایشیا اور براعظم یورپ کی جامعات میں بین الاقوامی داخلوں میں اضافہ

ترقی یافتہ ممالک کی طرف ہجرت میں مسلسل دوسرے سال کمی کی ریکارڈ

لندن (اے این این) منظم برائے اقتصادی تعاون وترقی (او ای سی ڈی) نے ایک حالیہ رپورٹ میں بتایا ہے کہ ترقی یافتہ ممالک کی طرف ہجرت کرنے والوں کی تعداد مسلسل دوسرے سال کم ہوئی ہے۔ خبر رساں ادارے اے ایف پی کے مطابق او ای سی ڈی نے جمعرات کو جاری کردہ ایک رپورٹ میں بتایا کہ سال 2025 میں ترقی یافتہ ممالک میں ہجرت کرنے والوں کی تعداد 2024 کے مقابلے میں 1.6 فی صد کم رہی۔ رپورٹ کے مطابق 38 او ای ڈی سی ممالک میں سال 2025 میں 61 لاکھ نئے مستقل غیر قانونی تارکین وطن آئے جب کہ اس سے ایک سال قبل یعنی 2024 میں یہ تعداد 62 لاکھ تھی۔ بہت سے مغربی ممالک میں ایسے غیر قانونی تارکینِ وطن کی آمد کے خلاف ردِعمل میں اضافہ ہوا ہے جو اپنے آبائی ملکوں میں تنازعات، آمرانہ طرزِ

پنجاب؛ ریسٹورنٹس میں ڈیجیٹل ادائیگی پر صارفین کے لیے انعامی اسکیم شروع کرنے کا فیصلہ

لاہور (اے این این) پنجاب ریونیو اتھارٹی نے ہوٹلز اور ریسٹورنٹس کے شعبے میں صارفین کو کیو آر کوڈ کے ذریعے ڈیجیٹل ادائیگیوں کی جانب راغب کرنے کے لیے انعامی اسکیم شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اسکیم کے تحت ڈیجیٹل ادائیگی کرنے والے صارفین کو سہولت کے ساتھ انعامات جیتنے کا موقع بھی فراہم کیا جائے گا۔ چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی معظم اقبال سپرا کی زیر صدارت ڈیجیٹل مانیٹرنگ اور ڈیٹا بیس سے متعلق اجلاس ہوا، جس میں ٹیکس کلچر اور ای ادائیگیوں کے فروغ کے لیے سروس سیکٹرز میں ترجیحی بنیادوں پر کیے جانے والے اقدامات پر بریفنگ دی گئی۔ ترجمان پنجاب ریونیو اتھارٹی کے مطابق انعامی اسکیم کا مقصد عوام کو نقد ادائیگی کے بجائے ڈیجیٹل طریقہ اختیار کرنے کی ترغیب دینا ہے۔ پنجاب ریونیو اتھارٹی نے ہوٹلز اور ریسٹورنٹس کے شعبے میں صارفین کو کیو آر کوڈ کے ذریعے ڈیجیٹل ادائیگیوں کی جانب راغب کرنے کے لیے انعامی اسکیم شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اسکیم کے تحت ڈیجیٹل ادائیگی کرنے والے صارفین کو سہولت کے ساتھ انعامات جیتنے کا موقع بھی فراہم کیا جائے گا۔ چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی کا مقصد جرائم پیشہ اور مشکوک عناصر کی نقل و حرکت کی روک تھام، جرائم پر قابو پانا اور شہریوں کو محفوظ ماحول فراہم کرنا ہے۔ شہریوں سے بھی اپیل کی گئی ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک سرگرمی کی اطلاع فوری طور پر متعلقہ پولیس تھانے کو دیں۔ اوسٹی اوستہ محمد ندیم احمد بہرانی اور سی آئی اے انچارج کرم حسین ببر کی نگرانی میں پولیس نے سیکیورٹی مزید سخت کر دی ہے۔ پولیس کی جانب سے شہر کے مختلف علاقوں، اہم شاہراہوں اور حساس مقامات پر گشت میں اضافہ کر دیا گیا ہے، جبکہ شہر کے داخلی و خارجی راستوں پر ناکہ بندی کر کے آنے جانے والی گاڑیوں اور مشکوک افراد کی سخت

ژوب میں اربوں روپے کے ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے، ملک عبداللہ

ژوب کی تعمیر وترقی کے لیے کیے گئے اقدامات علاقے کے عوام کے لیے اہمیت رکھتے ہیں، بیان

ژوب (اے این این) قبائلی رہنما ملک عبداللہ خان کاکڑ نے کہا ہے کہ گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل کی مخلصانہ قیادت اور خصوصی دلچسپی کے باعث ژوب میں اربوں روپے کے ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے، جن سے علاقے میں تعلیم، صحت، مواصلات، زراعت اور دیگر شعبوں میں نمایاں بہتری آئے گی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ملک عبداللہ خان کاکڑ نے کہا کہ شیخ جعفر خان مندوخیل نے بطور گورنر بلوچستان اپنے تقریباً دو سالہ دور میں ژوب کی ترقی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے متعدد اہم اقدامات کیے ہیں۔ تعلیم کے شعبے میں دانش اسکول جیسے میگا پروجیکٹ کی منظوری دی گئی، جس پر تیزی سے کام جاری ہے، جبکہ اعلیٰ معیار کے اسپتال کی منظوری بھی دی گئی ہے، جس پر کمشنری کے ساتھ عنقریب کام شروع ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ایس بی کے یونیورسٹی کا برانچ ژوب میں قائم کیا گیا، جبکہ بی آر سی ژوب اور کیڈٹ کالجز میں داخلوں کی تعداد ایک نشست سے بڑھا کر سالانہ 16 نشستوں تک پہنچائی گئی، جس سے علاقے کے طلبہ کو اعلیٰ تعلیمی مواقع میسر آئیں گے۔ ملک عبداللہ خان کاکڑ نے ہتایا ک ژوب شہر کے اندر سڑکوں کی تعمیر و پختگی، شہر سے باہر مختلف دیہات تک سڑکوں کی تعمیر، صاف پانی کے منصوبے کی منظوری اور اس پر کام کا آغاز، سرکاری اسکولوں اور اسپتالوں میں بڑے سولر پلانٹس کی تنصیب اور تعلیمی اداروں میں اضافی کمروں کی تعمیر جیسے اقدامات بھی کیے گئے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ سیلاب سے بچاؤ کے لیے مختلف علاقوں میں فلڈ پروٹیکشن وال تعمیر کی گئی ہیں، نادرا کا 07 نئے زکی اپ گریڈیشن، تقریباً 75 کروڑ روپے کی لاگت سے صافی کوٹ وائر کی فراہمی، ہزاروں گھنٹے زرعی بلڈوزر کی منظوری، مختلف علاقوں میں سولر بورز اور گھریلو سولر سسٹمز کی فراہمی بھی ان اقدامات میں شامل ہیں۔ قبائلی رہنما نے کہا کہ سماجی شعبے میں رمضان المبارک کے دوران مستحق خاندانوں کو راشن کی فراہمی اور یتیم بچوں کے لیے یتیم خانے کا قیام بھی قابل ذکر اقدامات ہیں۔ بجلی کے شعبے میں ژوب گرڈ کے لیے بڑے ٹرانسفارمر کی فراہمی کے علاوہ گورنر بلوچستان نے انفرادی سطح پر بھی عوام کے

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار گیس بل پر 95 ہزار کا ریلیف فراہم کروا دیا گیا

اکرام اللہ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا

کوئٹہ (اے این این) درخواست گزار اکرام اللہ نے بتایا کہ انہیں گیس آفس کی جانب سے غیر منصفانہ بل موصول ہوا جس کی درستگی کے لیے انہوں نے متعدد بار متعلقہ محکمے سے رابطہ کیا لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ لہٰذا، انصاف کے حصول کے لیے انہوں نے وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ سے رابطہ کیا اور متعلقہ محکمے کے خلاف درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہٰذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کے گیس بل کی درستگی جلد کی جائے۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کے گیس بل کی درستگی کر دی۔ جس سے درخواست گزار کو گیس بل پر 95 ہزار کا ریلیف فراہم ہوا۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔ درخواست گزار اکرام اللہ نے بتایا کہ انہیں گیس آفس کی جانب سے غیر منصفانہ بل موصول ہوا جس کی درستگی کے لیے انہوں نے متعدد بار متعلقہ محکمے سے رابطہ کیا لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ لہٰذا، انصاف کے حصول کے لیے انہوں نے وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ سے رابطہ کیا اور متعلقہ محکمے کے خلاف درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہٰذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کے گیس بل کی درستگی جلد کی جائے۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کے گیس بل کی درستگی کر دی۔ جس سے درخواست گزار کو گیس بل پر 95 ہزار کا ریلیف فراہم ہوا۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر

دھابیجی پمپنگ اسٹیشن پر مرمتی کام کی وجہ کراچی کے بڑے حصے میں پانی کی فراہمی بند

دھابیجی پمپنگ اسٹیشن کے 21 پمپس میں سے 9 پمپس بند، 13 کروڑ گیلن پانی کی فراہمی متاثر ہوگی

کراچی (اے این این) شہر قائد کے مختلف علاقوں میں پانی کی فراہمی بند ہوگئی ہے جو اگلے کئی گھنٹوں تک متاثر رہے گی۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق دھابیجی پمپنگ اسٹیشن پر سالانہ مرمتی کام شروع کر دیا گیا ہے جس کے باعث شہر کے بڑے حصے میں پانی کی فراہمی بند ہوگئی ہے۔ خبر رساں ادارے اے ایف پی کے مطابق او ای سی ڈی نے جمعرات کو جاری کردہ ایک رپورٹ میں بتایا کہ سال 2025 میں ترقی یافتہ ممالک میں ہجرت کرنے والوں کی تعداد 2024 کے مقابلے میں 1.6 فی صد کم رہی۔ رپورٹ کے مطابق 38 او ای ڈی سی ممالک میں سال 2025 میں 61 لاکھ نئے مستقل غیر قانونی تارکین وطن آئے جب کہ اس سے ایک سال قبل یعنی 2024 میں یہ تعداد 62 لاکھ تھی۔ بہت سے مغربی ممالک میں ایسے غیر قانونی تارکینِ وطن کی آمد کے خلاف ردِعمل میں اضافہ ہوا ہے جو اپنے آبائی ملکوں میں تنازعات، آمرانہ طرزِ

بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک اور شمالی علاقوں میں سرد رہنے کی پیشگوئی

زیارت میں کم سے کم درجہ حرارت 5، قلات میں 6 اور کوئٹہ میں 11 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا، محکمہ موسمیات

کوئٹہ (یو این اے) محکمہ موسمیات نے بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک جبکہ صوبے کے شمالی اضلاع میں موسم سرد رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔محکمہ موسمیات کے مطابق کوئٹہ، خضدار، لسبیلہ اور گردونواح میں چند مقامات پر تیز ہواں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق کوئٹہ میں کم سے کم درجہ حرارت 11، قلات میں 6، زیارت میں 5، ژوب میں 9، سبی میں 19، تربت میں 21، نوکنڈی میں 18 اور چمن میں 9 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ اسی طرح بلوچستان کے ساحلی علاقوں گوادر اور جیوانی میں کم سے کم درجہ حرارت 20، 20 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ موسم کی صورتحال میں شمالی علاقوں میں سردی کی شدت برقرار رہنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک جبکہ صوبے کے شمالی اضلاع میں موسم سرد رہنے کی پیشگوئی کی ہے محکمہ موسمیات

نوابزادہ اورنگزیب جوگیزئی کی میر عبدالرف مینگل سے ملاقات

بلوچستان کی مجموعی سیاسی و امن و امان کی صورتحال پر تبادلہ خیال

اوستہ محمد (یو این اے) نوابزادہ اورنگزیب جوگیزئی سے میر عبدالروف مینگل کی ملاقات، بلوچستان کی موجودہ صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز نوابزادہ اورنگزیب جوگیزئی، سے ممبر سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی بلوچستان نیشنل پارٹی، میر عبدالروف مینگل کی رہائش گاہ پر ان سے ملاقات کی۔ ملاقات میں ملکی و بین الاقوامی سیاسی صورتحال، بلوچستان کے موجودہ حالات اور بلوچستان کے عوام کو درپیش سنگین مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر یو این اے سے گفتگو کرتے ہوئے میر عبدالروف مینگل نے کہا کہ آج بلوچستان جس بدترین سیاسی، معاشی اور امن و امان کے بحران سے گزر رہا ہے، اس کی بنیادی ذمہ داری فارم 47 کے ذریعے مسلط کیے گئے غیر نمائندہ حکومتی نظام پر عائد ہوتی ہے۔ عوامی مینڈیٹ کو پامال کر کے جمہوریت کو کمزور کیا گیا ہے، جس کے نتیجے میں بلوچستان کے عوام کی آواز کو مسلسل نظرانداز کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئین اور قانون کی کھلم کھلا خلاف ورزیاں جاری ہیں۔ اغوا نما گرفتاریاں، سیاسی کارکنوں کو ہراساں کرنا، معزز سیاسی و قبائلی شخصیات کے گھروں پر چھاپے اور چادر و چار دیواری کے تقدس کی پامالی کسی بھی مہذب معاشرے میں قابل قبول نہیں۔ یہ اقدامات نہ صرف غیر قانونی بلکہ بنیادی انسانی حقوق اور جمہوری اقدار کے بھی منافی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ آج عدلیہ بے بس اور مجبور دکھائی دیتی ہے، انتظامیہ خود اپنے تحفظ اور اختیارات کے

ڈپٹی کمشنر حب سے ڈائریکٹر بی آئی ایس پی ڈاکٹر لطیفہ منصور کی ملاقات

مستحق خواتین کی امدادی رقوم سے غیر قانونی کٹوتی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، جمعہ داد خان

حب (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر حب جمعہ داد خان سے ڈائریکٹر بی آئی ایس پی ڈاکٹر لطیفہ منصور نے ملاقات کی مستحقین خواتین کے مسائل اور پروگرام پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) ڈاکٹر لطیفہ منصور نے بی آئی ایس پی انچارج طارق مینگل کے ہمراہ ڈپٹی کمشنر حب کیپٹن (ر) جمعہ داد خان مندوخیل سے ملاقات کے دوران ضلع حب میں بی آئی ایس پی کے مجموعی پروگرام اور مستحقین خواتین کی تفصیلات، ادائیگی مراکز، انتظامی امور اور مستحق خواتین خاندانوں کو درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی اس موقع پر ڈپٹی کمشنر حب نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ بی آئی ایس پی کے مؤثر نفاذ اور مستحقین خواتین کو سہولیات کی فراہمی کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی۔ انہوں نے واضح ہدایت کی کہ مستحقین خواتین کی امدادی رقوم سے کسی بھی قسم کی غیر قانونی کٹوتی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی اور ایسی شکایات پر سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی ڈائریکٹر ڈاکٹر لطیفہ منصور نے یقین دہانی کرائی کہ مستحقین خواتین کو درپیش مسائل اور شکایات کے ازالے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں گے اور ادائیگی کے عمل میں شفافیت کو یقینی بنایا جائے گا۔

سنجاوی واٹر سپلائی کو 24 گھنٹے بجلی فراہم کی جائے، نور محمد دمڑ

صاف پانی کی بلاتعطل فراہمی کیلئے واٹر سپلائی کی بجلی بحال رکھی جائے

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر کمو ڈیٹی مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ وچیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد خان دمڑ کی چیف کیسکو مجیب مری سے اہم ملاقات ہوئی، جس میں سنجاوی شہر کو درپیش بجلی کے مسائل، بالخصوص واٹر سپلائی کو 24 گھنٹے بجلی کی فراہمی کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ؟ خیال کیا گیا اس موقع پر صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے مطالبہ کیا کہ شہریوں کو پینے کے صاف پانی کی بلا تعطل فراہمی یقینی بنانے کے لیے واٹر سپلائی کی بجلی 24 گھنٹے بحال رکھی جائے چیف کیسکو مجیب مری نے یقین دہانی کرائی کہ سنجاوی شہر کی واٹر سپلائی کو 24 گھنٹے بجلی فراہم کرنے کے لیے ضروری اقدامات کیے جائیں گے۔ ملاقات میں ایم پی اے زاہد ریکی بھی موجود تھے حاجی نور محمد خان دمڑ نے اس یقین دہانی کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ان کے مسائل کا حل حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ صوبائی وزیر کمو ڈیٹی مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ وچیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد خان دمڑ کی چیف کیسکو مجیب مری سے اہم ملاقات ہوئی، جس میں سنجاوی شہر کو درپیش بجلی کے مسائل، بالخصوص واٹر سپلائی کو 24 گھنٹے بجلی کی فراہمی کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ؟ خیال کیا گیا اس موقع پر صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے مطالبہ کیا کہ شہریوں کو پینے کے صاف پانی کی بلا تعطل فراہمی یقینی بنانے کے لیے واٹر سپلائی کی بجلی 24 گھنٹے بحال رکھی جائے چیف کیسکو مجیب مری نے یقین دہانی کرائی کہ سنجاوی شہر کی واٹر سپلائی کو 24 گھنٹے بجلی فراہم کرنے کے لیے ضروری اقدامات کیے جائیں گے۔ ملاقات میں ایم پی اے زاہد ریکی بھی موجود تھے حاجی نور محمد خان دمڑ نے اس یقین دہانی کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ان کے مسائل کا حل حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ صوبائی وزیر کمو ڈیٹی مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ وچیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد خان دمڑ کی چیف کیسکو مجیب مری سے اہم ملاقات ہوئی، جس میں سنجاوی شہر کو درپیش بجلی کے مسائل، بالخصوص واٹر سپلائی کو 24 گھنٹے بجلی کی فراہمی کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ؟ خیال کیا گیا اس موقع پر صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے مطالبہ کیا کہ شہریوں کو پینے کے صاف پانی

ڈیجیٹل ادائیگیوں کے فروغ کے لیے راست کیو آر سبسڈی جاری رکھنے کا فیصلہ کیا ہے، وزیر مملکت

کراچی (سی ایم لنکس) وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نے ملک میں ڈیجیٹل ادائیگیوں کے فروغ اور اس عمل کی رفتار برقرار رکھنے کے لیے راست کیو آر سبسڈی جاری رکھنے کا فیصلہ کیا ہے، وزیر اعظم کی کیش لیس کمیٹی ادائیگیوں کی ڈیجیٹلائزیشن تیز کرنے کے لیے نئے اشاریوں اور اہداف کے تعین پر کام کر رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو پاکستان ٹینکس ایسوسی ایشن (پی ٹی اے) کے ہیڈ آفس میں بینکوں کے صدور، چیف ایگزیکٹو افسران اور چیف ڈیجیٹل افسران کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں سٹیٹ بینک آف پاکستان، راست کے چیف ایگزیکٹو افسر اور کرنداز کے حکام نے بھی

نوابزادہ امیر حمزہ زہری اور سردار عمر گورگیج کی ملاقات

کوئٹہ (اے این این) صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ زہری سے پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر و سینیٹر سردار عمر گورگیج نے جھالاوان ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کی، جس میں بلوچستان کی موجودہ سیاسی و علاقائی صورتحال، پارٹی کی سیاسی حکمت عملی اور تنظیمی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات میں صوبے بھر میں پارٹی کو مزید فعال و منظم بنانے، تنظیم سازی کے عمل کو مؤثر بنانے اور صوبائی حکومت و پارٹی کے درمیان باہمی تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ زہری سے پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر و سینیٹر سردار عمر گورگیج نے جھالاوان ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کی، جس میں بلوچستان کی

بقیہ 1

مہارت کا ثبوت ہے۔ سیکیورٹی فورسز کے افسران اور جوانوں نے بہادری اور عزم کا مظاہرہ کیا۔ نیشنل ایکشن پلان پر عملدرآمد کا سلسلہ جاری ہے۔ غیر ملکی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک جنگ پوری قوت سے جاری رہے گی۔ پاکستان کی سلامتی، امن اور خودمختاری کے تحفظ میں سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں پوری قوم کا فخر ہیں۔

بقیہ 2

جے پی روڈ پر واقع نور اسٹیشن کے قریب جعفر ایکسپریس کی ایک بوگی پٹری سے اتر گئی، ٹرین پشاور سے کوئٹہ جا رہی تھی، تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، ریلوے افسران موقع پر پہنچ گئے۔ ریلوے حکام کے مطابق ٹرین کا آخری پاور پلانٹ کا حصہ ڈی ریل ہوا، متاثرہ ٹریک جلد بحال کر دیا جائے گا، کنٹرول روم سے بھی واقعہ کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔

بقیہ 3

دیگر ہزاروں افسران و ملازمین کو ریگولر سے کنٹریکٹ کی پالیسی لانے کی تیاریاں شروع کر دی گئی ہیں جو آئین پاکستان کی صریحا خلاف ورزی ہے اتحاد اہلسنت پاکستان ملازمین کے خلاف بننے والی ایسی تمام پالیسوں کو یکسر مسترد کرتی ہے انہوں نے مزید کہا کہ ادارے اور کمپنیاں افسران و ملازمین کے حقوق کو تحفظ دیئے بغیر کوئی ترقی نہیں کر سکتیں بیرون ملک سے ایم ڈی کو لا کر افسران و ملازمین پر مسلط کر دیا ہے جو کمپنی کے ہزاروں افسران و ملازمین کے خلاف پالیساں بنا کر انکے حقوق پامال کرنے کی مزموم سازش کر رہے ہیں انکے حالیہ بلوچستان اور سندھ کے دورے بھی ملازمین کش پالیسوں کے سبب بدترین ناکامی سے دوچار ہوئے اتحاد اہلسنت پاکستان نیشنل ٹرانسمیشن اینڈ ڈسپیچ کمپنی کے ہزاروں ملازمین کے شانہ بشانہ ہے انہوں نے صدر پاکستان، وزیراعظم پاکستان، چیف جسٹس آف پاکستان اور مقتدرہ قوتوں سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ این ٹی ڈی سی کا نام بحال کرنے، کمپنی کے ملازمین کے حقوق کو تحفظ فراہم کرنے آئین پاکستان کے خلاف بنائی جانے والی تمام پالیسوں کو فوری طور پر منسوخ کیا جائے تاکہ ہزاروں افسران اور ملازمین میں پائی جانے والی شدید اضطرابی کیفیت دور ہو سکے۔

بقیہ 4

ملکیت قرار دی جا رہی ہے ان پر پاکستان کے ساتھ الحاق سے قبل یہاں کے قبائل کا قبضہ تھا اور خان آف قلات کے دور میں بھی ان اراضیات کو خضدار کے قبائل کی ملکیت تسلیم کی گئی تھی خان آف قلات کے دور حکومت کے اسناد بطور ثبوت آج بھی قبائل کے پاس موجود ہیں۔ مقررین نے 1972 تا 1981 کے سیٹلمنٹ کو بحال کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ اگر یہ اراضیات قبائل کی ملکیت نہیں تھے تو اس سے قبل سرکار خضدار چھاونی، ائیر پورٹ، سینٹرل جیل، یونیورسٹی سمیت دیگر کئی اراضیات معاوضہ یہاں کے قبائل کو کس کھاتے میں دیے۔ جرگہ میں خضدار کے قبائل کی اراضیات پر سرکاری قبضہ کیخلاف ارباب جھالاوان ارباب نواز مینگل کی سربراہی میں دس رکنی کمیٹی تشکیل دینے کا فیصلہ کیا۔ کمیٹی کے دیگر ارکان میں سردار طیب زگیجو، رئیس علی احمد بلوچ، رئیس ڈاکٹر قدوس، آغا سلطان ابرہیم، صابر قلندرانی، جاوید سوز، نکمری یوسف کرد، ماسٹر محمد عالم کرد، خالد محمود ایڈوکیٹ، عبدالقادر گزگی شامل ہیں۔ کمیٹی بہت جلد اپنے اگلے لائحہ عمل سے عوام کو بزریعہ پریس آگاہ کریگی۔

بقیہ 5

وفاقی حکومت، سوئی سدرن گیس کمپنی اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ گیس کے بلوں میں اضافی چارجز اور ٹیکسز کا فوری نوٹس لیا جائے، بلوں کا شفاف آڈٹ کیا جائے اور صارفین کو غیر ضروری مالی بوجھ سے نجات دلا کر انصاف فراہم کیا جائے۔ کوئٹہ شہر میں گیس کے بلوں میں فکس اضافی چارجز اور مبینہ ناجائز ٹیکسز کے نفاذ نے عوام کا جینا محال کر دیا ہے شہریوں کے مطابق گیس کے محدود استعمال کے باوجود بھاری بھرکم بل ارسال کیے جا رہے ہیں، جس کے باعث گھریلو صارفین شدید مالی مشکلات کا شکار ہیں کوئٹہ شہر میں سردیوں کے موسم شروع ہوتے ہی گیس کی پریشر میں کمی کے باعث عوام کو شدید سردی میں مشکلات کا سامنا ہے، عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ صرف 30 یونٹس گیس استعمال کرنے والے صارفین کے بل بھی 20 ہزار روپے سے تجاوز کر گئے ہیں، جو پہلے ہی مہنگائی، بے روزگاری اور دیگر معاشی مشکلات سے دوچار عوام کے لیے ناقابل برداشت بوجھ بن چکا ہے۔ شہریوں نے شکایت کی ہے کہ گیس کے اصل استعمال کے علاوہ مختلف فکس چارجز اور ٹیکسز کی مد میں بھاری رقوم وصول کی جا رہی ہیں، جس سے صارفین میں شدید تشویش پائی جاتی ہے۔ عوامی حلقوں نے حکومت بلوچستان، وفاق

دہشتگردوں کو کہیں چھپنے کی جگہ نہیں ملے گی، محسن نقوی

پوری قوم دہشت گردی کے خلاف اس جنگ میں اپنی سکیورٹی فورسز کے ساتھ مضبوطی سے کھڑی ہے

سکیورٹی فورسز ملک سے بھارتی سپانسرڈ دہشت گردوں کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہیں، وفاقی وزیر داخلہ

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں بھارتی سرپرستی یافتہ دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشنز پر سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں صوبوں میں دہشت گردوں کو کہیں چھپنے کی جگہ نہیں ملے گی۔ جمعہ کو وزارت داخلہ سے جاری بیان کے مطابق وزیر داخلہ نے دہشت گردوں کے ناپاک عزائم ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور غیر معمولی جرت کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ بڑی تعداد میں دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر وہ سکیورٹی فورسز کو سلام پیش کرتے ہیں کیونکہ فورسز کے بہادر سپوت پوری قوم کا سرمایہ افتخار ہیں۔ وفاقی وزیر محسن نقوی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ سکیورٹی فورسز ملک سے

(بقیہ 27 اندرونی صفحہ 2 پر)



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی چچی کی وفات پر صوبائی اسمبلی کے اجلاس کے دوران اراکین صوبائی اسمبلی فاتحہ خوانی کر رہے ہیں



گوادر جامعہ گوادر میں ذہنی صحت، بچپن کے تجربات اور مثبت شخصیت سازی کے موضوع پر خصوصی آگاہی سیشن میں مقررین خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان اسمبلی، سرکاری پرائمری اسکولوں میں عربی زبان بطور لازمی مضمون متعارف کرانے کی قرارداد پیش

نصاب میں بنیادی عربی الفاظ، قواعد اور عام قرآنی الفاظ کے معانی شامل کیے جائیں، متن

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں صوبے کے تمام سرکاری پرائمری اسکولوں میں عربی زبان کو بطور لازمی مضمون متعارف کرانے سے متعلق ایک اہم قرارداد پیش کی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق رکنِ صوبائی اسمبلی شاہدہ رف کی جانب سے ایوان میں پیش کی گئی قرارداد کے متن میں سفارش کی گئی ہے کہ صوبے بھر کے سرکاری پرائمری اسکولوں میں بنیادی عربی زبان کی تعلیم کو لازمی قرار دیا جائے تاکہ شہری اور دیہی علاقوں کے بچوں کو ابتدائی تعلیمی مراحل ہی سے عربی زبان سیکھنے کے یکساں مواقع میسر آ سکیں۔ قرارداد میں مقف اختیار کیا گیا ہے کہ عربی زبان قرآنِ پاک کی زبان ہے اور ابتدائی سطح پر اس کی تدریس سے بچوں کو قرآنی آیات کا مفہوم سمجھنے میں خاطر خواہ مدد ملے گی۔ متن میں مزید تجویز دی گئی ہے کہ پرائمری سطح کے نصاب میں عربی کے بنیادی الفاظ، سادہ قواعد اور قرآنِ مجید میں کثرت سے استعمال ہونے والے عام الفاظ کے معانی شامل کیے جائیں۔ علاوہ ازیں قرارداد میں صوبائی حکومت سے سفارش کی گئی ہے

(بقیہ 30 اندرونی صفحہ 2 پر)

پنجگور، خدابادان میں مسلح افراد کا گاڑی پر حملہ اور فائرنگ، گاڑی جل کر خاکستر، سوار افراد محفوظ

پنجگور (یو این اے) پنجگور کے علاقے خدابادان میں پولی ٹیکنیک کالج کے قریب سے ایک جلی ہوئی گاڑی برآمد ہوئی ہے، جبکہ فائرنگ کے واقعے میں گاڑی میں سوار افراد معجزانہ طور پر محفوظ رہے۔ علاقائی ذرائع کے مطابق گزشتہ شب کے آخری پہر خدابادان کے علاقے میں شدید فائرنگ کی آوازیں سنائی دیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ نامعلوم مسلح افراد نے ایک گاڑی کو نشانہ بناتے ہوئے اس پر فائرنگ کی اور اسے آگ لگا دی، تاہم گاڑی میں سوار افراد بروقت اور بحفاظت باہر نکلنے میں کامیاب ہو

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 2 پر)

کور کمانڈر کی جانب سے بارڈر کھولنے سے متعلق بیان کا خیر مقدم کرتے ہیں، شاہدہ رؤف

بارڈر ٹریڈ بلوچستان کے عوام کے روزگار کے لیے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے، رکن اسمبلی کا اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (یو این اے) رکنِ بلوچستان صوبائی اسمبلی شاہدہ رؤف نے اسمبلی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کور کمانڈر کی جانب سے سرحدیں (بارڈر) کھولنے کے حوالے سے دیے گئے بیان کا خیر مقدم کیا ہے اور کہا ہے کہ اس معاملے پر مثبت سوچ انتہائی خوش آئند ہے۔ ایوان میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے شاہدہ رؤف نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کے پاس ذریعہ معاش کے محدود مواقع ہونے کے باعث بارڈر ٹریڈ (سرحدی تجارت) صوبے کی معیشت اور مقامی آبادی کے روزگار کے لیے انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ سرحدیں کھولنے کے حوالے سے محض بیانات کے بجائے جلد از جلد عملی طور پر ٹھوس اقدامات اٹھائے جائیں تاکہ سرحدی علاقوں سے وابستہ ہزاروں خاندانوں کا روزگار بحال ہو سکے اور صوبے میں معاشی سرگرمیوں کو فروغ ملے۔ تفصلات رکنِ بلوچستان صوبائی اسمبلی شاہدہ رؤف نے اسمبلی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کور کمانڈر کی جانب سے سرحدیں (بارڈر) کھولنے کے حوالے سے دیے

(بقیہ 28 اندرونی صفحہ 2 پر)

کسی عدالت نے اتنے ریکارڈ فیصلے نہیں دیئے جتنے ہم نے دیئے، چیف جسٹس آئینی عدالت

ہم نے اس سال 9 ہزار کیسز کا فیصلہ کیا، کبھی اپنے کام سے مطمئن نہیں ہونا چاہئے، ہر وقت کوشش میں رہیں کہ آپ کے کام میں کیا بہتری ہو سکتی ہے

ادارے کو آگے بڑھانے کیلئے دل سے کام کرنا ہوگا، جسٹس امین الدین خان کا وفاقی آئینی عدالت کی پہلی سالگرہ کی تقریب سے خطاب

اسلام آباد (اے این این) وفاقی آئینی عدالت کے چیف جسٹس امین الدین خان نے کہا ہے کہ وفاقی آئینی عدالت نے اپنے قیام کے پہلے ہی سال میں 9 ہزار مقدمات نمٹا کر ملکی عدالتی تاریخ میں ایک منفرد ریکارڈ قائم کیا ہے، جو پاکستان کی کسی بھی عدالت کا نہیں ہوگا۔ وفاقی آئینی عدالت کے قیام کا ایک سال مکمل ہونے پر ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس کے آغاز میں عدالت کے ایک سالہ سفر، کارکردگی اور سنگِ میل پر مبنی ایک خصوصی ڈاکومنٹری نشر کی گئی، تقریب کے دوران چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت جسٹس امین الدین خان نے پہلی سالگرہ کے موقع پر جاری کردہ یادگاری ڈاک ٹکٹ کی رونمائی کی اور جدید عدالتی نظام کی طرف قدم بڑھاتے ہوئے باضابطہ طور پر ای کورٹ کا افتتاح بھی کیا۔ تقریب میں تمام ججز، اٹارنی جنرل، پاکستان بار اور سپریم کورٹ بار کے عہدیداران نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب

(بقیہ 31 اندرونی صفحہ 2 پر)

سرداری نظام کے خاتمے کی قرارداد پر مولانا ہدایت الرحمان کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں، ظہور بلیدی

سرداری نظام کے استحصالی رویوں کے خلاف ہیں، بندیہ کماری کا معاملہ انتہائی گھناؤنا فعل ہے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر میر ظہور احمد بلیدی نے بلوچستان صوبائی اسمبلی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سرداری نظام کے خاتمے سے متعلق قرارداد پیش کرنے پر رکن اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان کو زبردست خراجِ تحسین پیش کیا اور ایوان میں اس قرارداد کی مکمل حمایت کا اعلان کیا۔ اجلاس میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے ظہور بلیدی نے کہا کہ وہ سرداری نظام کے استحصالی رویوں کے خلاف ہیں کیونکہ اب یہ فرسودہ نظام مزید چلنے والا نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے تمام انسانوں کو برابر پیدا کیا ہے اور جب خالقِ کائنات نے انسانوں کے درمیان کوئی فرق نہیں رکھا تو ہم تفریق کرنے والے کون ہوتے ہیں، اس لیے اب وقت آ گیا ہے کہ معاشرے میں برابری کی بنیاد پر بات کی جائے اور تمام شہریوں کو مساوی حقوق دیے جائیں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ بلوچستان میں آج بھی خانہ بدوش طبقے کو ان کے جائز اختیارات اور حقوق نہیں دیے گئے، جبکہ سرداری نظام کی رکاوٹوں کی وجہ سے ہی خضدار میں اساتذہ کو انصاف نہیں مل سکا۔ مزید

(بقیہ 38 اندرونی صفحہ 2 پر)

سرداری نظام کے خاتمے کیلئے 1976 کے قانون پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے، مولانا ہدایت الرحمان

قبائلی نظام کے خلاف نہیں لیکن نجی جیلوں، غیر قانونی گرفتاریوں اور جبری فیصلوں کا خاتمہ ہونا چاہیے، رکن بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (یو این اے) رکنِ بلوچستان صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان نے اسمبلی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ سرداری نظام کے خاتمے سے متعلق 1976 میں منظور کیے گئے قانون پر اس کی اصل روح کے مطابق عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور سرکاری و عوامی سطح پر "سردار" اور "نواب" کے القابات کے استعمال پر پابندی عائد کی جائے۔ ایوان میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے مولانا ہدایت الرحمان نے واضح کیا کہ وہ قبائلی نظام کے خلاف نہیں ہیں کیونکہ قرآنِ پاک میں بھی قبائل کا ذکر موجود ہے اور قبائلی نظام ہماری شناخت ہے، تاہم وہ سرداری نظام کے نام پر جاری استحصال کے خلاف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ ایکٹ کے تحت سرداری نظام مکمل طور پر ختم ہو چکا ہے جس کی رو سے کوئی بھی سردار یا نواب قانون سے بالاتر نہیں، نہ ہی انہیں متوازی عدالت لگانے، نجی جیلیں قائم کرنے، غیر قانونی گرفتاریاں کرنے یا قبائل کی زمینوں پر قبضہ کرنے کا کوئی اختیار حاصل ہے۔ مولانا ہدایت الرحمان نے الزام عائد کیا کہ بلوچستان کا بچہ بچہ جانتا

(بقیہ 82 اندرونی صفحہ 2 پر)

کئی سردار تعلیم اور ترقی میں مثبت کردار ادا کر رہے ہیں، رکنِ بلوچستان اسمبلی

سرداری نظام کے خاتمے سے متعلق قرارداد کی مخالفت اور اسے مسترد کرتا ہوں، زرک مندوخیل

کوئٹہ (یو این اے) رکنِ بلوچستان صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل نے اسمبلی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایوان میں سرداری نظام کے خاتمے سے متعلق پیش کی گئی قرارداد کی شدید مخالفت کرتے ہوئے اسے مسترد کر دیا ہے۔ ایوان میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے زرک خان مندوخیل نے واضح کیا کہ وہ ایسے سرداروں اور نوابوں کو ہرگز تسلیم نہیں کرتے جو عوام پر ظلم ڈھاتے ہیں اور پاکستان کو نہیں مانتے، تاہم آج بھی صوبے میں ایسے متعدد محبِ وطن سردار اور نواب موجود ہیں جو پاکستان اور بلوچستان کی تعمیر، ترقی اور خوشحالی کے عمل میں بھرپور انداز میں شریک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان و چیف آف بگٹی میر سرفراز بگٹی سمیت صوبے کے دیگر کئی سردار اور نواب ایسے ہیں جو اپنے علاقوں میں تعلیم کے فروغ، سماجی بہبود اور مجموعی ترقی کے لیے نمایاں اور مثبت کردار ادا کر رہے ہیں، اس لیے تمام قبائلی عمائدین کو ایک ہی صف میں کھڑا کرنا درست نہیں۔ رکنِ بلوچستان صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل نے اسمبلی اجلاس سے خطاب کرتے

(بقیہ 37 اندرونی صفحہ 2 پر)

بلوچستان میں تانبے اور سونے کے نئے ذخائر دریافت ہو گئے

چاغی میں 25 ہزار میٹر ڈرلنگ مکمل، مزید ایک ہزار میٹر کھدائی کی جائے گی

کوئٹہ (جی این ایم) ماری انرجیز کی بلوچستان میں تانبے اور سونے کے ذخائر کی دریافت کر لی۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ ماری انرجیز نے ضلع چاغی میں تانبے اور سونے کے اہم ذخائر دریافت کرنے کا اعلان کر دیا، دریافت ماری انرجیز کی ذیلی کمپنی ماری منرلز نے ایسٹ سیاہ ڈیک کے علاقے میں کی، نئی دریافت ریکوڈک منصوبے سے 50 کلومیٹر مشرق میں واقع ہے۔ ماری منرلز نے دو مراحل میں 25 ہزار میٹر ڈرلنگ مکمل کی، ڈرلنگ کے دوران 500 میٹر گہرائی تک تانبے کے ذخائر کی نشاندہی ہوئی، معدنی ذخائر تقریباً 1.4 مربع کلومیٹر رقبے پر پھیلے ہوئے ہیں۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ دوسرے مرحلے کی ڈرلنگ کے نمونوں کے لیبارٹری نتائج 2027 کی پہلی سہ ماہی میں متوقع ہیں، اگلے مرحلے میں ایک ہزار میٹر گہرائی تک مزید ڈرلنگ کی جائے گی، ماری انرجیز کے مطابق ذخائر کے حجم اور معاشی اہمیت کے تعین کے لیے مزید تحقیق جاری ہے، کمپنی نے دریافت سے متعلق پاکستان اسٹاک ایکسچینج کو بھی آگاہ کر دیا۔ ماری منرلز نے دو

(بقیہ 33 اندرونی صفحہ 2 پر)

اسحاق ڈار کی زیر صدارت اجلاس، پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن کی تنظیم نو کا جائزہ لیا

اسلام آباد (یو این اے) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن (پی این ایس سی) کی تنظیم نو کے عمل کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے ادارے کو عالمی سطح پر مسابقتی، تجارتی اعتبار سے مستحکم اور بین الاقوامی شناخت کا حامل بحری ادارہ بنانے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ نائب وزیر اعظم کے آفس سے جاری بیان کے مطابق اجلاس میں پی این ایس سی کی تنظیم نو کے مختلف پہلوؤں اور اسے ایک موثر،

(بقیہ 34 اندرونی صفحہ 2 پر)

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس ڈپٹی اسپیکر غزالہ گولہ کی زیر صدارت 40 منٹ کی تاخیر سے شروع ہو گیا

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس جمعہ کے روز ڈپٹی اسپیکر غزالہ گولہ کی زیر صدارت مقررہ وقت سے 40 منٹ کی تاخیر سے شروع ہو گیا۔ اجلاس کی کارروائی کے آغاز میں ایوان کی جانب سے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی چچی کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کے درجات کی بلندی اور ایصالِ ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی گئی۔ بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس جمعہ کے روز ڈپٹی اسپیکر غزالہ گولہ کی زیر

(بقیہ 35 اندرونی صفحہ 2 پر)

آبنائے ہرمز میں بارودی سرنگ سے ٹکرانے کے بعد جہاز میں آگ بھڑک اٹھی

تہران (اے این این) ایران کے پاسدارانِ انقلاب (نیوی) نے دعویٰ کیا ہے کہ آبنائے ہرمز کے مشرقی حصے میں ایل این جی بردار ایک جہاز ایرانی بحری بارودی سرنگ سے ٹکرا گیا، جس کے بعد

(بقیہ 40 اندرونی صفحہ 2 پر)

وزیر اعظم محمد شہباز شریف دورہ ترکیہ مکمل کر کے وطن واپس پہنچ گئے

اسلام آباد (یو این اے) وزیر اعظم محمد شہباز شریف دورہ ترکیہ مکمل کر کے وطن واپس پہنچ گئے۔ یہ بات جمعرات کو وزیر اعظم آفس کے میڈیا ونگ سے

(بقیہ 41 اندرونی صفحہ 2 پر)

بلوچستان میں اسمبلی کی نشستیں اور نوکریاں فروخت ہوتی ہیں، لشکری رئیسانی

مائنز اینڈ منرل ایکٹ کے ذریعے بلوچستان کے وسائل اسلام آباد کے حوالے کیے گئے

سیندک، ریکوڈک اور سوئی گیس منصوبوں کا بلوچستان کے عوام کو کوئی حساب نہیں دیا گیا، سینئر سیاستدان خاموشی اختیار کیے رکھی۔ اگر آل پارٹیز کانفرنس بلوچستان کے قومی حقوق اور اختیارات کے حوالے سے منعقد کی جاتی ہے تو وہ اس کی ضرور حمایت کریں گے۔ نوابزادہ لشکری رئیسانی نے کہا کہ مائنز اینڈ منرل ایکٹ کی منظوری کے معاملے میں بلوچستان

کوئٹہ (یو این اے) سینئر سیاستدان نوابزادہ حاجی لشکری رئیسانی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں اسمبلی کی نشستیں مبینہ طور پر فارم 47 کے تحت نیلام ہوتی ہیں اور اسی طرح سرکاری نوکریاں بھی فروخت کی جا رہی ہیں۔ مائنز اینڈ منرل ایکٹ کو جعلی طریقے سے قانون سازی اور مبینہ سازش کے تحت اسلام آباد کے حوالے کیا گیا۔ ایک انٹرویو میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بعض اقدامات اس لیے بھی کیے جاتے ہیں تاکہ لوگوں کی توجہ اصل مسائل سے ہٹائی جا سکے۔ آل پارٹیز کانفرنس میں وہ جماعتیں بھی شامل ہیں جو مائنز اینڈ منرل بل کی منظوری کے وقت موجود تھیں اور انہوں نے اس معاملے پر مجرمانہ

(بقیہ 36 اندرونی صفحہ 2 پر)

صحبت پور تمام بنیادی سہولیات سے محروم ضلع ہے، رئیس اللہ ڈنہ

فرید آباد (اے این این) جماعت اسلامی ضلع صحبت پور کے نائب قیم رئیس اللہ ڈنہ منگریو، جماعت اسلامی سٹی صحبت پور کے امیر امام الدین بنگلزئی اور علی احمد کھوسہ نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صحبت پور تمام بنیادی سہولیات سے محروم ضلع ہے۔ رہنماؤں نے کہا کہ ضلع میں میٹھے پانی کا شدید بحران ہے، گیس، روڈ اور نالی کا نظام تباہ ہے، جبکہ گندگی کے ڈھیر اور گرد و غبار نے زندگی اجیرن کر دی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ صحبت سٹی میں سبزیوں اور خوردونوش کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں، جس سے عوام شدید پریشان ہیں۔ انہوں نے انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ عقل کے ناخن لے، عوام کو

(بقیہ 43 اندرونی صفحہ 2 پر)

کوئٹہ میں شدید سردی اور بے روزگاری کے باوجود مہنگائی کا طوفان

اشیائے خوردونوش کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں، شہری پریشان

کوئٹہ (اے این این) کوئٹہ شہر میں شدید سردی اور کاروباری سرگرمیاں متاثر ہونے کے باعث عوام پہلے ہی مشکلات سے دوچار ہیں، جبکہ دوسری جانب مہنگائی کے طوفان نے شہریوں کا جینا محال کر دیا ہے۔ اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے غریب اور متوسط طبقے کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ شہریوں کے مطابق کوئٹہ میں مرغی کا گوشت 600 روپے فی کلو، بکرے کا گوشت 2 ہزار سے 2500 روپے فی کلو جبکہ پیاز 200 روپے فی کلو فروخت کیا جا رہا ہے۔ روزمرہ استعمال کی دیگر اشیاء کی قیمتیں بھی عام آدمی کی قوت خرید سے باہر ہوتی جا رہی ہیں۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ ایک طرف شدید سردی کے باعث کاروباری سرگرمیاں متاثر ہیں اور لوگوں کے لیے روزگار کے مواقع محدود ہو گئے ہیں، تو دوسری جانب مہنگائی نے گھریلو بجٹ تباہ کر کے رکھ دیا ہے۔ دیہاڑی دار طبقہ اور کم آمدنی والے خاندان دو وقت کی روٹی پوری کرنے کے لیے بھی پریشان ہیں۔ شہریوں نے ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ گرانفروشی اور ناجائز منافع خوری کے خلاف فوری کارروائی کی جائے، اشیائے خوردونوش کی قیمتوں کو سرکاری نرخ نامے کے مطابق یقینی بنایا جائے اور عوام کو مہنگائی سے ریلیف فراہم کیا جائے۔ کوئٹہ شہر میں شدید سردی اور کاروباری سرگرمیاں متاثر ہونے کے باعث عوام پہلے ہی مشکلات سے دوچار ہیں،

(بقیہ 42 اندرونی صفحہ 2 پر)

لطیف کھوسہ کے بیانات بے بنیاد اور حقائق کے برعکس ہیں، سلمان اکرم راجہ

عمران خان نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے حامی رہے ہیں، ریفرنڈم سے متعلق خدشات دور کرنا ضروری ہیں، گفتگو

اسلام آباد (اے این این) تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ نے لطیف کھوسہ کے بیانات کو بے بنیاد اور حقائق کے برعکس قرار دے دیا۔ ایک ٹی وی انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ عمران خان نے علامہ ناصر عباس اور محمود اچکزئی پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے حامی رہے ہیں، ریفرنڈم سے متعلق خدشات دور کرنا ضروری ہیں۔ تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ نے لطیف کھوسہ کے بیانات کو بے بنیاد اور حقائق کے برعکس قرار دے دیا۔ ایک ٹی وی انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ عمران خان نے علامہ ناصر عباس اور محمود اچکزئی پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے حامی رہے ہیں، ریفرنڈم سے متعلق خدشات دور کرنا ضروری ہیں۔ تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ نے لطیف کھوسہ کے بیانات کو بے بنیاد اور

(بقیہ 44 اندرونی صفحہ 2 پر)

چینی کی قیمتوں کی مسلسل نگرانی کے ذریعے عوام کو ریلیف دیا جائے: اسحاق ڈار

کسانوں کے مفادات کا تحفظ اور عوام کو مناسب قیمت پر چینی کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے

اسلام آباد (جی این ایم) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ چینی کی قیمتوں کی مسلسل نگرانی کے ذریعے عوام کو ریلیف دیا جائے۔ اسحاق ڈار کی زیر صدارت چینی کی برآمد سے متعلق سٹیئرنگ کمیٹی کا اجلاس ہوا، جس میں چینی کی برآمدات اور ملکی کھپت کے درمیان توازن برقرار رکھنے کے طریقہ کار کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ وزارت خارجہ کے ترجمان نے بتایا کہ اجلاس میں چینی کی دستیابی، برآمدات اور مقامی ضروریات سے متعلق امور پر غور کیا گیا۔ اس موقع پر نائب وزیر اعظم کا کہنا تھا کہ کسانوں کے مفادات کا تحفظ اور عوام کو مناسب قیمت پر چینی کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ چینی کی قیمتوں کی مسلسل نگرانی کی جائے اور مؤثر اقدامات کے ذریعے عوام کو ریلیف کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ اجلاس میں اس بات پر زور دیا گیا کہ چینی کی برآمدات سے متعلق فیصلوں میں ملکی ضروریات اور صارفین کے مفادات کو مدنظر رکھا جائے۔ نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ چینی کی قیمتوں کی

(بقیہ 49 اندرونی صفحہ 2 پر)

مولانا فضل الرحمان کے تنخواہ دار ملازم ہونے کا انکشاف

پشاور (اے این این) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن کے بارے میں انکشاف ہوا ہے کہ وہ تنخواہ دار ملازم ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق 2021 سے 2023 تک مولانا کی آمدن اور اخراجات پر بھی سوالیہ نشان لگ گئے ہیں، قابل ٹیکس آمدن ظاہر نہ کرنے کے باوجود مولانا کے

(بقیہ 51 اندرونی صفحہ 2 پر)

ملک میں ہفتہ وار مہنگائی کی شرح میں 0.46 فیصد کمی، سالانہ شرح 11.21 فیصد ریکارڈ

اسلام آباد (یو این اے) ملک میں ہفتہ وار مہنگائی کی شرح میں 0.46 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ ادارہ شماریات نے ہفتہ وار مہنگائی کے اعداد و شمار جاری کر دیے، سالانہ بنیادوں پر مہنگائی بڑھنے کی مجموعی شرح 11.21 فیصد رہی۔ ادارہ شماریات کی رپورٹ کے مطابق ایک ہفتے کے دوران 19 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ ہوا، 9 اشیا سستی ہوئیں جبکہ 23 اشیا کی قیمتیں مستحکم رہیں۔ رپورٹ کے مطابق ایک ہفتے میں ٹماٹر 12.06 فیصد، انڈے 5.98 فیصد

(بقیہ 48 اندرونی صفحہ 2 پر)

ژوب: پرانے ڈی آئی خان اڈہ پر تجاوزات کے خلاف آپریشن، نیو کارٹ مارکیٹ کی تعمیر کا باقاعدہ آغاز

ریڑھی بانوں اور کاروباری افراد کو منظم جگہ ملنے سے شہر میں ٹریفک کے مسائل حل ہوں گے، اسسٹنٹ کمشنر

ژوب (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر ژوب داؤد احمد کی نگرانی میں پرانے ڈی آئی خان اڈہ پر نیو کارٹ (ریڑھی) مارکیٹ کی تعمیر کے سلسلے میں تجاوزات کے خلاف آپریشن کیا گیا۔ آپریشن میں پولیس اور ڈسٹرکٹ اینٹی انکروچمنٹ فورس کے اہلکاروں نے حصہ لیا آپریشن کے دوران تعمیراتی مقام سے کم از کم 200 گاڑیاں ہٹائی گئیں، جبکہ تمام دکانداروں اور مکینک حضرات کو سختی سے ہدایت کی گئی کہ وہ آئندہ تعمیراتی سائٹ کے اندر گاڑیاں پارک کرنے سے گریز کریں تاکہ ترقیاتی کام میں کسی قسم کی رکاوٹ پیدا نہ ہو۔ اسسٹنٹ کمشنر ژوب داؤد احمد کے مطابق نیو کارٹ مارکیٹ کی تعمیر کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے اور بھاری مشینری کے ذریعے زمین کو ہموار کرنے کا کام جاری ہے۔ تعمیراتی سرگرمیوں کو پرامن اور بلا تعطل جاری رکھنے کے لیے پولیس اور ڈسٹرکٹ اینٹی انکروچمنٹ فورس کے اہلکار سائٹ پر تعینات رہیں گے۔ انتظامیہ کے مطابق نیو کارٹ مارکیٹ کی تعمیر سے شہر میں ریڑھی بانوں اور دیگر کاروباری افراد کو ایک منظم کاروباری جگہ فراہم ہوگی، جس سے نہ صرف

(بقیہ 39 اندرونی صفحہ 2 پر)



اسلام آباد: صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو، بلوچستان عوامی پارٹی کے بانی رہنما سینیٹر سید احمد ہاشمی، اور سابق رکن اسمبلی رقیہ ہاشمی کا گروپ فوٹو

جامعہ گوادر میں بچوں کی نفسیاتی نشوونما اور ابتدائی تجربات کے موضوع پر خصوصی سیمینار کا انعقاد

ابتدائی عمر کے تجربات انسان کی سوچ، طرزِ عمل اور شخصیت کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، ماہرین

گوادر (خ ن) جامعہ گوادر کے شعبہ مینجمنٹ سائنسز کے زیر اہتمام ''ہر بالغ انسان کے اندر ایک بچہ موجود ہوتا ہے: بچپن کے ابتدائی تجربات بالغ زندگی کے رویوں، شخصیت اور کارکردگی کو کیسے تشکیل دیتے ہیں'' کے موضوع پر ایک خصوصی مہمان مقررین کے سیشن کا انعقاد یونیورسٹی سیمینار ہال میں کیا گیا، جس میں طلبہ اور فیکلٹی ممبران نے شرکت کی۔ سیشن سے ماہر نفسیات، محقق اور ذہنی صحت سے متعلق آگاہی کے لیے سرگرم اسما یاسین اور گرانازھوت، ایسوسی ایٹ کلینیکل سائیکالوجسٹ اور بانی دستکِ زیست نے خطاب کیا۔ مقررین نے بچپن کے تجربات کے انسانی شخصیت کی تشکیل، بالغ زندگی کے رویوں، جذباتی صحت اور ذاتی و پیشہ ورانہ کارکردگی پر مرتب ہونے والے اثرات پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ابتدائی عمر کے تجربات انسان کی سوچ، طرزِ عمل اور مجموعی شخصیت کی نشوونما میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ سیشن کے دوران سوال و جواب کی ایک تعاملی نشست بھی منعقد ہوئی، جس میں طلبہ نے ذہنی صحت، نفسیاتی نشوونما اور شخصیت

(بقیہ 46 اندرونی صفحہ 2 پر)

بلوچستان کی تعمیر و ترقی میں بھرپور کردار ادا کریں گے، سلیم کھوسہ

حکومت بلوچستان عوام کو درپیش مشکلات کے حل اور صوبے کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے، صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات

ہمارا مقصد بلوچستان کو خوشحال، ترقی یافتہ اور معاشی طور پر مستحکم صوبہ بنانا ہے، اس مقصد کے حصول کے لیے عوامی خدمت اور عملی اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا، گفتگو

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات بلوچستان میر سلیم کھوسہ نے کہا ہے کہ بلوچستان کی تعمیر و ترقی اور عوام کی خوشحالی کے لیے بھرپور کردار ادا کریں گے۔ بلوچستان ملک کا وہ صوبہ ہے جہاں غربت اور بے روزگاری جیسے مسائل میں اضافہ ہوا ہے، تاہم صوبائی حکومت ان مسائل کے خاتمے کے لیے سنجیدہ اور عملی اقدامات کر رہی ہے، یہ بات انہوں نے گزشتہ روز ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ صوبے کی تعمیر و ترقی، روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ حکومت بلوچستان عوام کو درپیش مشکلات کے حل اور صوبے کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ میر سلیم کھوسہ نے کہا کہ مواصلات اور تعمیرات کے شعبوں میں ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے نہ صرف عوام کو بہتر سفری سہولیات میسر

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 2 پر)

ڈی: ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے اور سیکیورٹی انت